# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



## ٹیچر کے لئے ضروری ہدایات:

نیچے دیئے ہوئے حروف، دنوں کے نام اور مدد گار الفاظ کے flashcards بنا لیں۔ ان flashcards کی پڑھائی ترتیب وار ہفتے میں دو دن ضرور کروائیں۔

### حروف کی چھوٹی اشکال:

بـ پـ تـ ٹـ ثـ جـ چـ حـ خـ سـ شـ صـ

ضـ ـعـ تع ـغـ تغ فـ قـ کـ کا گـ گا لـ

مـ لـ ہد ہیی یت

### حروف کی بڑی اشکال:

ا ب پ ت ٹ ث ج چ

ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز

ژ س ش ص ض ط ظ ع

غ ف ق ک گ ل م ن

و ھ ء ی ے

### دنوں کے نام:

پیر منگل بدھ جمعرات جمعہ ہفتہ اتوار

### مددگار الفاظ:

یہ ہے وہ میرا میری میرے میں ہوں مجھے ہے

ہیں نہیں کہ کا کی کو کے اس ان اب

سب تھا تھی تھے ہم اور نہ

**نوٹ:** ضروری نہیں کہ کسی بھی set کے سارے flashcards ایک ہی وقت میں بنائے جائیں۔

# آم

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سبق کے الفاظ کی لسٹ بنا کر بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروالیں۔ الفاظ کے flashcard بنالیں۔

لسٹ : مجھے ،آم ، اچھا ، لگتا ، میٹھا ، ہوتا ، رس بھرا ، گرمی ، موسم ، آتا ، سالگرہ ، ہوتی

## سیشن 1

**5 منٹ**

- بچوں کو پہیلی سنائیں اور جواب پوچھیں۔

کچا کھائیں ، پکا کھائیں
کاٹ کے کھائیں ، چوس کے کھائیں
گرمی میں سب مجھ کو کھائیں
بچے میرا نام بتائیں          ( آم )

**10 منٹ**

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا سب بچے آم شوق سے کھاتے ہیں؟ آم کس موسم میں آتے ہیں۔ (گرمی کے موسم میں)

گرمی کے موسم میں دوسرے کون کون سے پھل ملتے ہیں۔
(خوبانی ، آلو بخارا ، آڑو ، لیچی ، جامن ، خربوزہ ، تربوز)
وہ کون سے پھل ہیں جو پورے سال ملتے ہیں؟
(کیلا ، سیب )
بورڈ پر پھلوں کے نام لکھیں اور بچوں کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**10 منٹ**

- بچے اپنی پسند کے چار پھلوں کی تصویریں بنا کر ان میں رنگ بھریں۔ پھلوں کے نام بھی لکھیں۔ پھلوں کے نام لکھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

- 5 منٹ — سبق کے الفاظ کی flashcards sight reading سے کروائیں۔
  سبق پڑھ کر سنائیں۔

- 10 منٹ — الفاظ کی لسٹ بچوں میں تقسیم کردیں۔

**ہوم ورک**

- 5 منٹ — الفاظ کی لسٹ گھر سے پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 2

- 5 منٹ — حروف کی چھوٹی اشکال کی flashcards sight reading سے کروائیں۔

- 15 منٹ — 8 - 10 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ جہاں ضرورت ہو مدد کریں۔

- 10 منٹ — بچوں سے پوچھیں کہ کیا سارے آم ایک جیسے ہوتے ہیں؟ بچے جو جواب بتائیں وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً آم میٹھا ہوتا ہے۔ آم کھٹا ہوتا ہے۔ آم پھیکا ہوتاہے۔ آم کچا ہوتا ہے۔ آم پکا ہوتا ہے۔
  چھوٹا ، بڑا ، ہرا ، پیلا وغیرہ

- 10 منٹ — بچے کوپی میں آم کی تصویر بنائیں اور ایک جملہ لکھیں۔

**ہوم ورک**

- 5 منٹ — کہانی آم پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 3

- **10 منٹ** — 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں بچوں کی پڑھنے میں مدد کریں اور کوشش کرنے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

- **15 منٹ** — بورڈ پر نیچے دیئے گئے الفاظ لکھیں۔ بچے کوپی میں توڑ جوڑ کا کام کریں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | اچھا | = | ا چ ھ ا |
| 2 | لگتا | = | |
| 3 | گرمی | = | |
| 4 | موسم | = | |
| 5 | میٹھا | = | |
| 6 | آتا | = | |
| 7 | ہوتی | = | |

- **20 منٹ** — اوپر دیئے گئے کسی 3 الفاظ کے جملے بنائیں۔

> **ٹیچر کے لئے نوٹ**
>
> سیشن 4 کے لئے کہانی جنگل کا راجا سن کر یا لے کر آئیں۔

# سیشن 4

- **10 منٹ** — مدد گار الفاظ کی reading sight flashcards سے کروائیں۔

- **20 منٹ** — بچوں کو بتائیں کہ آم پھلوں کا بادشاہ کہلاتا ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ آم کو پھلوں کا بادشاہ کیوں کہتے ہیں۔
(ممکنہ جواب: سب سے مزیدار پھل ہے) بچے جو بھی جواب دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
گلاب پھولوں کا بادشاہ ہے کیوں؟ اور شیر جنگل کا بادشاہ ہے کیوں؟

- بچوں سے پوچھیں کیا ان کو کسی بادشاہ کی کہانی یاد ہے؟ آخر میں کہانی '' جنگل کا راجا'' سنائیں۔

10 منٹ
- بورڈ پر مدد گار الفاظ لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں ۔
مجھے ، میں ، ہوں ، میرا ، میری ، ہے ، ہیں ، اور

**ہوم ورک**

5 منٹ
- مدد گار الفاظ میں سے کسی 2 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- کہانی کے الفاظ کی sight reading دوبارہ کریں۔

15 منٹ
- لفظ آم بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس لفظ میں آخری حروف کون سا ہے؟ کیا ہم ایسے اور الفاظ بتا سکتے ہیں جن کی آخری آواز ''م'' ہو۔ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔
آم ، نام ، شام ، دام ، کام ، جام ، تام
- اب بچوں کو سمجھائیں کہ ایسے الفاظ جن کی آخری دو آوازیں ایک جیسی ہوں ان کو ''ہم آواز الفاظ'' یا ''rhyming words'' کہتے ہیں۔ ہم آواز الفاظ سے ہم نظم (poetry) بناتے ہیں۔

15 منٹ
- بچے اپنی کوپی میں ہم آواز الفاظ لکھیں۔
اور ٹیچر کی مدد سے چار الفاظ کے ساتھ نظم لکھیں۔

میٹھا ہے آم
دے دو تم دام
ہوگئی ہے شام
ختم کرو اب کام

**ہوم ورک**

5 منٹ
- لفظ '' آم'' سے کوئی چار'' ہم آواز الفاظ'' لکھ کر لائیں۔

# سیشن 6

20 منٹ • کہانی آم کھولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ آم کس موسم میں آتا ہے؟ گرمی کے علاوہ اور کون سے موسم ہوتے ہیں؟ بورڈ پر چاروں موسموں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔

| موسم | seasons |
|---|---|
| سردی | winter |
| بہار | spring |
| گرمی | summer |
| خزاں | autumn |

- بچے یہ کام کوپی میں لکھیں۔ بچوں سے کوپی لے لیں۔

15 منٹ • موسم کے حساب سے مہینوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر مہینوں کے نام 3 - 2 مرتبہ دہرائیں۔

سردی : نومبر ۔ دسمبر ۔ جنوری ۔ فروری

بہار : مارچ ۔ اپریل

گرمی : مئی ۔ جون ۔ جولائی

خزاں : اگست ۔ ستمبر ۔ اکتوبر

10 منٹ • ہر ایک موسم اور مہینوں کے مطابق کچھ خاص چیزوں کے بارے میں بات کریں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو موقع دیں کہ بات چیت میں حصہ لیں۔ مثلاً

- سردی میں خشک میوے کھاتے ہیں۔ سوپ پیتے ہیں۔ گرم کپڑے پہنتے ہیں۔
- بہار کے موسم میں درختوں اور پودوں پر نئے ہرے پتے اور رنگ برنگے پھول نکلتے ہیں۔
- گرمی میں آم کھاتے ہیں اور ٹھنڈا ٹھنڈا شربت پیتے ہیں۔
- خزاں میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ تیز ہوا چلتی ہے۔

**نوٹ:** اگر وقت ہے اور بچے چاہتے ہیں تو ان چیزوں کی تصویریں بنا لیں۔

# لال بال کالا بال

### ٹیچر کے لئے نوٹ

کہانی کے الفاظ کے flashcards بنائیں۔

لسٹ : پرچ ، پیالہ ، کالا ، کھے ، تھال ، خالہ ، لالہ ، جس ، رکھ ، میرا

## سیشن 1

**15 منٹ**
- سیشن بات چیت سے شروع کریں۔ بچوں سے بالوں کے مختلف رنگوں کے نام پوچھیں۔ انھوں نے کن رنگوں کے بال دیکھے ہیں۔ کیا سب کے بال ایک جیسے ہوتے ہیں یا الگ طرح کے؟

**مثلاً** : لمبے ، چھوٹے ، سیدھے ، گھنگھریالے۔

بچوں کی توجہ ان کے اپنے بالوں کی طرف دلائیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ
- کیا بالوں کو رنگ کر سکتے ہیں؟
- کیا گھر میں انھوں نے کسی کے بال رنگے ہوئے دیکھیں ہیں؟
- کس رنگ میں رنگے ہیں؟ کالا ، لال ، بھورا یا کوئی اور رنگ؟

**نوٹ:** بات چیت کے دوران نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ہر بچہ اپنی باری پر ہی بات کرے۔

**10 منٹ**
- نظم کے 5 الفاظ کی بچوں سے flashcard sight reading سے کروائیں۔
نظم پڑھ کر سنائیں۔

**20 منٹ**
- نظم کے کچھ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ الفاظ کا انگریزی ترجمہ بچوں سے پوچھیں اور وہ بھی لکھیں۔ بچے یہ کام کوپی میں کریں۔

| english | اردو |
|---|---|
| cup | پیالہ |
| saucer | پرچ |
| tray | تھال |
| aunt | خالہ |
| black | کالا |

# سیشن 2

- 10 منٹ • سیشن 1 کے مشکل الفاظ دھرائیں اور باقی 5 نئے الفاظ متعارف کروائیں۔ ہر لفظ کی پہلی اور آخری آوازیں پوچھیں۔

- 10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے نظم پڑھوائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔

نظم کے حوالے سے بچوں سے سوالات کریں۔

1 لالہ کے سر پر کس رنگ کا بال ہے؟

2 لالہ کے بال پر کیا رکھا ہے جو لال ہے؟

3 خالہ نے لالہ سے کیا کہا؟

4 بال کاٹنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

5 خالہ کون ہوتی ہیں؟

- 20 منٹ • بچے کو پی نکالیں۔

الفاظ کی توڑ جوڑ کا کام کروائیں۔

رکھ ، میری ، جس ، پرچ ، لال ، بال ، تھال ، پیالہ ، خالہ

بورڈ پر دئے گئے الفاظ کے الگ الگ حروف لکھیں۔ بچوں کو بلا کر بورڈ پر ان حروف کو جوڑ کر الفاظ بنوائیں۔

ر ک ھ =

م ی ر ا =

ج س =

پ ر چ =

ل ا ل =

ب ا ل =

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | ھ | ا | ل | | = |
| پ | ی | ا | ل | ہ | = |
| خ | ا | ل | ہ | | = |

بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتارلیں۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ** • گھر سے کسی بھی رنگ کے اون / کپڑے کی پٹیاں / چارٹ پیپر وغیرہ لے کر آئیں۔

> **ٹیچر کے لئے نوٹ**
>
> سیشن 3 کے لئے گوند ، قینچی ، سادہ کاغذ اور ایسی چیزیں جن کو کاٹ کر بال بنائیں جا سکیں مثلاً اون / پھول جھاڑو کے تنکے / اخبار وغیرہ کا بچوں کی تعداد کے مطابق انتظام کریں ۔

# سیشن 3

**10 منٹ** • نظم کے الفاظ کے flashcard پڑھوائیں۔

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے نظم پڑھوائیں۔

**25 منٹ** • بچوں میں سادہ کاغذ ، قینچی اور وہ چیزیں جو تصویر پر بال لگانے کے لئے استعمال ہوں گی تقسیم کریں۔

بچے اپنی تصویر بنائیں اور بال چپکائیں۔

**نوٹ :** بچوں کی حوصلہ افزائی کریں جب وہ کچھ مختلف سے بال لگانا چاہیں۔ **مثلاً** : کپڑے کے ٹکڑے، جھاڑوں کے تنکے یا نیلے پیلے کاغذ سے کٹے بال۔

بچے تصویر کے چہرے پر تاثرات (expression) بنائیں۔ **مثلاً** : خوشی ،غم ، پریشانی ، حیرانی وغیرہ

بچے جب اپنی تصویریں مکمل کرلیں تو کلاس میں display کریں۔

# سیشن 4

15 منٹ
- تمام مشکل الفاظ دہرائیں۔ ہم آواز الفاظ پر کام کروائیں۔
  **جیسے :** کل ، چل ، حل ، بل یا پر ، سر ، کر ، خر

  ایسے الفاظ بھی ''ہم آواز'' ہوتے ہیں جن کی آخری دو آوازیں ایک جیسی ہوں۔

  جیسے: بال، لال، حال، چال یا کالا، تالا، جالا، مالا یا تھال، ڈھال، کھال

30 منٹ
- بچوں سے مختلف آوازوں پر ختم ہونے والے الفاظ پوچھ کر بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔
  **مثلاً :** سر، پر، چر، ہر

  - بورڈ پر لفظ بال لکھیں اور اسکے ہم آواز الفاظ لکھیں جیسے لال ، چال ، مال
  - بورڈ پر دیئے گئے ہم آواز الفاظ سے 4 - 3 لائینوں کی نظم لکھیں۔
  - نظم کی پہلی لائین خود لکھیں باقی بچوں کے ساتھ مل کر لکھیں۔

    لال پیلا بال - مچھلی کا جال
  - بچے بورڈ سے نظم اپنی کوپی میں اتاریں اور آخری لائن ہر بچہ خود لکھے ۔

# سیشن 5

5 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ لالہ لفظ چوکیدار کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

10 منٹ
- آج اسکول کے لالہ کے بارے میں بات کریں۔
  1 لالہ اسکول میں کیا کام کرتے ہیں؟
  2 کیا اسکول کے علاوہ بھی لالہ کہیں کام کرتے ہیں؟
  3 اسکول میں لالہ نہ ہوں تو کیا ہو گا؟
  4 کیا ان کو اپنے اسکول کے لالہ اچھے لگتے ہیں؟

15 منٹ
- بچے کوپی نکالیں ۔ اپنے اسکول کے لالہ کی تصویر بنائیں اور ان کے بارے میں دو جملے لکھیں۔

15 منٹ • چند بچوں کو ایک ایک کر کے بلائیں۔ ان کی بنائی ہوئی تصویر کلاس کے بچوں کو دکھائیں اور تصویر کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ اسکول کے لالہ کے بارے میں لکھے ہوئے جملے بھی پڑھ کر سنائیں۔ اس موقع پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

# سیشن 6

20 منٹ • نظم ''ٹوٹ بٹوٹ کے مرغے'' پڑھ کر سنائیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ نظم پڑھتے وقت آواز کے اتار چڑھاؤ پر دھیان دیں۔

25 منٹ • ٹوٹ بٹوٹ اور اس کے 2 مرغوں کی تصویر بنائیں اور ان کے بارے میں 3 - 2 جملے لکھیں۔

## ٹوٹ بٹوٹ کے مرغے

ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے تھے
دونوں تھے ہوشیار
اک مرغے کا نام تھا گیٹو
اک کا نام گیٹار
اک مرغے کی دم تھی کالی
اک مرغے کی لال
اک کھاتا تھا کیک اور بسکٹ
اک کھاتا تھا نان
اک دن دونوں اچھلے کودے
دونوں جوش میں آئے
دونوں میں پھر ہوئی لڑائی
ٹھی ٹھی ٹھوں ٹھوں ٹھاہ
اک کا پنجہ کالا ہوا
اک کی ناک ہوئی لال
ٹوٹ بٹوٹ نے گلے لگایا
دونوں کو پھر دوست بنایا

# پرانا اخبار

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

لسٹ 1 : جہاز، پرانا، اخبار، ہوا، پانی، لوگ، زور، ہوائی جہاز

لسٹ 2 : لایا، بنایا، بٹھائے، چلی، اڑایا، بٹھایا، چلایا

دونوں لسٹ کی فوٹو کوپی بچوں کی تعداد کے مطابق کروالیں۔

اپنے ساتھ پرانا اخبار لے کر آئیں۔ ( اگر بچوں کا اخبار مل جائے تو وہ لائیں)

پرنٹنگ پریس کے بارے میں معلومات پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 1

**5 منٹ** • اخبار دکھا کر بچوں سے سوال کریں۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔

1 اخبار کا کیا مطلب ہے؟

( خبر کی جمع جس میں خبر چھپتی ہیں)

2 اخبار سے ہمیں کیا معلوم ہوتا ہے؟

( دنیا بھر میں پیش آنے والے واقعات)

3 اخبار ہمارے لئے کیوں ضروری ہے؟

( گھر بیٹھے ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ دنیا بھر میں کیا ہو رہا ہے)

4 اخبار میں خبروں کے علاوہ کیا ہوتا ہے؟

( موسم کا حال، اشتہار، کارٹون، کھیل وغیرہ )

5 کسی اخبار کا نام بتائیں؟

( جنگ، ایکسپریس، امت، Dawn، The News وغیرہ )

**5 منٹ** • بچوں سے بات چیت کے ذریعے پوچھیں کہ کاغذ کس چیز سے بنتا ہے۔ بچے نہ بتا سکیں تو بتائیں کہ کاغذ درخت سے

بنتا ہے۔ درخت ہوا کو آکسیجن دیتے ہیں جو ہمارے لئے بہت ضروری ہے۔ ہمیں کاغذ ضائع نہیں کرنا چاہئے اور ہمیں کاغذ کو recycle کرنا چاہئے تا کہ درخت کاٹنے کی ضرورت نہ ہو۔

- **5 منٹ** — بچوں سے پوچھیں کہ درخت اور کس کس کام آتے ہیں۔
  **مثلاً:** چڑیا گھونسلہ بناتی ہے ، درخت چھاؤں دیتے ہیں ، پھل دیتے ہیں ، گھر بنانے کے کام آتے ہیں وغیرہ

- **5 منٹ** — بچوں سے پوچھیں کہ پرانے اخبار کو کس کس استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ بچے مختلف جواب دیں گے مثلاً اخبار کے تھیلے بنتے ہیں۔ اخبار میں چیزیں لپیٹی جاتی ہیں۔ پانی خشک کرنے کے لئے۔ صفائی کے لئے وغیرہ

- **15 منٹ** — لسٹ 1 سے کہانی کے الفاظ کی sight reading کروائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔

- **10 منٹ** — آدھی اشکال کے حروف ملا کر الفاظ بنوائیں۔ آدھی اشکال کے بارے میں بچوں کو دوبارہ بتائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ج | ہ | ا | ز | | = | جہاز |
| 2 | پ | ر | ا | ن | ا | = | |
| 3 | ا | خ | ب | ا | ر | = | |
| 4 | چ | ل | ی | | | = | |
| 5 | ہ | و | ا | | | = | |
| 6 | ل | ا | ی | ا | | = | |

## ٹیچر کے لئے نوٹ


سیشن 2 کے لئے اخبار کے کاغذ سے "11 x "8 انچ ٹکڑے (pieces) کلاس کے بچوں کی تعداد کے مطابق کاٹ کر لائیں۔ بچے ہوائی جہاز بنائیں گے یا بچوں کو پرانا اخبار دیں جس پر وہ اپنی مرضی کی تصویر بنائیں اور بعد میں ٹیچر کی مدد سے paper bag بنائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • کہانی پرانا اخبار پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کے اخبار سے کوئی کہانی یا لطیفہ وغیرہ پڑھ کر سنائیں۔

30 منٹ • بچوں کو اخبار کے کاغذ کے ٹکڑے دیں۔
بچوں سے دیئے گئے طریقے سے ہوائی جہاز بنوائیں۔
بچے جب ہوائی جہاز بنالیں تو انھیں ایک لائن بنوا کر اسکول کے میدان میں لائیں اور جہاز اڑانے کا مقابلہ کروائیں۔

**ہوائی جہاز بنانے کا طریقہ:**




**ہوم ورک**

5 منٹ • کہانی پرانا اخبار پڑھ کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 کے لئے پرانے اخبار کے "6"x8 کے ٹکڑے ، پوسٹر پینٹ ، برش کا انتظام بچوں کی تعداد کے مطابق کر لیں۔

# سیشن 3

**10 منٹ**

- 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

**نوٹ :** خالی جگہ پر کرنے کا کام کوپی میں کروائیں یا worksheet بنا لیں اور بچوں کی تعداد کے مطابق photocopy کروا لیں۔

**15 منٹ**

- خالی جگہ صحیح لفظ سے پر کریں۔

1 یاسر ________ اخبار لایا۔ (نیا - پرانا)

2 اخبار پر ________ کا جہاز بنایا۔ (مٹی - پانی)

3 یاسر ایک اور پرانا ________ لایا۔ (اخبار - کتاب)

4 ہوائی جہاز ________ میں اڑایا۔ (ہوا - پانی)

**15 منٹ**

- بچوں میں اخبار کے ٹکڑے ، پوسٹر کلر اور برش تقسیم کریں۔
  بچوں سے کہیں کہ اخبار پر اپنی پسند کے پانی کے جہاز کی painting بنائیں۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ**

- کہانی آم میں سے ایسے الفاظ جن کے آخر میں ''یا'' ہے سے املا کی تیاری کریں۔

# سیشن 4

**15 منٹ**

- بچے کوپی نکالیں۔
- دیئے گئے الفاظ کا املا کروائیں
- املا کے بعد کوپی لے لیں۔ اگلے سیشن سے پہلے چیک کر لیں۔

**25 منٹ**

- الفاظ اور ضد کا تعارف کروائیں۔ سبق میں موجو د لفظ 'پرانا' اور اس کے ساتھ لفظ 'نیا' لکھ کر بچوں سے پڑھوائیں اور پوچھیں کہ ان دونوں الفاظ سے انہیں کیا سمجھ میں آ رہا ہے۔ بچے یقیناً بتائیں گے کہ یہ متضاد الفاظ (opposite words) ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اردو میں opposite کو 'ضد' کہتے ہیں۔ بورڈ پر کچھ الفاظ لکھیں اور ان الفاظ کی ضد بچوں کے ساتھ مل کر لکھیں اور پڑھائی کروائیں۔ بعد میں یہ کام بچے کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| پرانا | نیا |
| میٹھا | کھٹا |
| بڑے | چھوٹے |
| جلدی | دیر |
| اچھا | برا |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| رات | دن |
| گرمی | سردی |
| آتا | جاتا |
| توڑ | جوڑ |
| ہاں | نہیں |

**ہوم ورک**

**5 منٹ**

- کہانی آم میں دیئے گئے آدھی اشکال کے پانچ حروف لکھ کر لائیں۔

# سیشن 5

**10 منٹ**

- 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**10 منٹ**

- بچے کوپی نکالیں۔ سیشن 4 میں کروائی گئی املا کی اصلاح کروائیں۔

20 منٹ • آج کہانی آم سے سوال جواب کا کام کروائیں۔

- کہانی سے متعلق زبانی سوالات پوچھیں اور بچے زبانی جواب بتائیں۔
- بورڈ پر سوالات لکھیں اور بچوں کو سمجھائیں کہ وہ اپنی کوپی میں سوالات نہیں لکھیں گے، سوال پڑھ کر اور نمبر ڈال کر ''ج'' لکھیں گے اور کتاب کی مدد سے جواب لکھیں گے۔

س یاسر نے پانی کا جہاز کس پر بنایا؟

ج یاسر نے اخبار پر پانی کا جہاز بنایا۔

س پانی کا جہاز کیسے اڑ گیا؟

ج زور کی ہوا چلی اور پانی کا جہاز اڑ گیا۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • سیشن 6 کے لئے گھر سے پرانا اخبار لائیں۔

# سیشن 6

20 منٹ • لفظ ''زور'' کے ساتھ ہم آواز الفاظ بچوں سے پوچھیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

زور ، مور ، بور ، چور ، پور ، شور ، کور ، ہور

بچے یہ الفاظ کوپی میں لکھیں اور کسی دو الفاظ سے rhymes بنائیں۔


چور مچائے شور

مور لگائے زور

25 منٹ • پرانے اخبار کے "8 x "8 کے چوکور ٹکڑے کاٹنے میں بچوں کی مدد کریں۔

- بچے ٹیچر کی مدد سے اخبار کی کشتی بنائیں۔ اگر ممکن ہو تو کشتی بنانے سے پہلے اخبار پر تصویریں ضرور بنائیں۔
- ہر بچہ اپنی کشتی پر اردو میں اپنا نام بھی لکھے۔

## کشتی بنانے کا طریقہ:



# پھول پہ پانی

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

بک گروپ کی کتاب **پانی** کے طور پر parallel reader بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔

مشکل الفاظ کے flashcards بنائیں۔

پھول ، پانی ، پودے ، پیڑ ، گھاس ، کیاری ،اوپر ، کھڑکی ، دیکھا ، گیٹ ، سبز ، کرسی ، کپڑوں ، دادی جان

## سیشن 1

**10 منٹ**

- بچوں سے بات چیت کریں۔
  - کس کس کے گھر میں پودے ہیں۔
  - پودوں کا خیال کون رکھتا ہے۔
  - پودوں کا خیال کیسے رکھتے ہیں۔
  - اگر پودوں کو پانی نہ ملے تو کیا ہو گا۔
  - آپ کیا کریں گے اگر آپ کو پانی نہ ملے۔
  - پانی ہمارے لئے کیوں ضروری ہے؟

(کپڑے دھونے کے لئے، نہانے کے لئے، برتن دھونے کے لئے، پودوں کو دینے کے لئے)

بچے جو جواب دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہمیں پانی ضائع نہیں کرنا چاہئے کیوں کہ دنیا بھر میں پانی کی کمی ہو رہی ہے۔ اور ہمیں پانی احتیاط سے استعمال کرنا چاہئے ۔ بچوں کو بتائیں کہ اگر گلاس / اسکول کی پانی کی بوتل میں پانی بچ جائے تو اسے کسی بھی برتن یا پودے میں ڈال دیں۔

**10 منٹ**

- flashcards کی مدد سے sight reading کروائیں۔

کہانی پانی پڑھ کر سنائیں۔

25 منٹ • بچوں سے کہیں کہ جس طرح صائمہ گا رہی تھی ہم بھی گائیں گے۔ ہر بچہ کہانی گانے کی طرح گائے اور گاتے ہوئے ایکشن کرے۔

**مثلاً :**

تالی بجائے ، چٹکی بجائے ، پاؤں زمین پر مارے وغیرہ

بچے گاتے ہوئے آواز میں اتار چڑھاؤ بھی لائیں۔

بچے کہانی میں اور لائینز بھی بنا کر لگائیں مثلاً

آگ پہ پانی ، سمندر میں پانی ، نل میں پانی ، گٹر میں پانی

نوٹ: اگر ٹیچر کو مشہور گانا ''پانی کا بلبلا'' یاد ہے تو کہانی کو اس طرز پر ڈھال لیں۔

# سیشن 2

5 منٹ • سیشن 1 میں کہانی کو جس طرح پڑھایا گیا تھا اس کو دوہرائیں۔ ساری کلاس کے ساتھ مل کر گائیں۔

5 منٹ • کہانی کے الفاظ کی sight reading کروائیں۔

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ • بچوں سے بات چیت کریں کہ پانی کس کس کام میں استعمال ہوتا ہے۔

- بچے جو جواب دیں انہیں بورڈ پر لکھیں۔
- کچھ ممکنہ جواب یہ ہوسکتے ہیں:

کھانا پکانے میں ، نہانے میں ، پودوں کو پانی دینے میں ، کپڑے دھونے کے لئے ، فیکٹریوں میں ، وضو کرنے کے لئے وغیرہ

15 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بورڈ پر لکھے پانی کے استعمال کے طریقوں میں سے کوئی بھی 3 کوپی میں لکھیں اور تصویریں بنائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 اور 4 کے لئے سادہ کاغذ ، پوسٹر پینٹ ، برش ، پانی کے لئے چھوٹی پیالیوں کا بچوں کی تعداد کے مطابق انتظام کرلیں۔

# سیشن 3

**10 منٹ**
- 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

**15 منٹ**
- 5 الفاظ کی توڑ جوڑ کروائیں۔ الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں جوڑ لکھیں۔

1 پ ا ن ی =
2 ک ی ا ر ی =
3 پ ی ڑ =
4 پ و د ے =
5 ا و پ ر =

**15 منٹ**
- بچوں میں سادہ کاغذ تقسیم کریں اور بچوں سے کہیں کہ سمندر کے اندر کا منظر بنائیں جس میں مچھلیاں ، سمندری پودے وغیرہ ہوں۔ بچوں کو بتائیں کہ تصویر میں رنگ سیشن 4 میں بھریں گے۔ ہر بچہ کاغذ کے پیچھے اپنا نام لکھ لے۔ بچے جب drawing مکمل کرلیں تو ان سے لے کر رکھ لیں۔

**5 منٹ**
- **ہوم ورک**

گھر سے نانی یا دادی کی تصویر لائیں۔

# سیشن 4

**5 منٹ**
- بچے جو تصویریں لائے ہیں ان سے لے کر رکھ لیں۔ سیشن 5 میں استعمال ہوں گی۔

20 منٹ • الفاظ کا انگریزی میں ترجمہ کریں۔

- بورڈ پر الفاظ لکھیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر انکا انگریزی میں ترجمہ لکھیں۔
- بچے الفاظ اور ترجمہ بورڈ سے اپنی کوپیوں میں اتار لیں۔

| اردو | english |
|---|---|
| دادی / نانی | grandmother |
| پودے | plants |
| پیڑ | tree |
| کرسی | chair |
| کھڑکی | window |

| اردو | english |
|---|---|
| پھول | flower |
| پانی | water |
| گھاس | grass |
| میز | table |
| کپڑے | clothes |

15 منٹ • بچوں میں ان کی بنائی ہوئی drawing بانٹیں۔ ساتھ میں رنگ اور برش بھی دیں۔ جب بچے اپنی drawing مکمل کرلیں تو کلاس میں display کریں۔ بعد میں بچے drawing گھر لے جائیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • بچے کہانی گھر سے پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 5

10 منٹ • مدد گار الفاظ کی sight reading کروائیں۔

- الفاظ بورڈ پر لکھ کر پڑھائیں۔

میں، ہوں، میرے، مجھے، میری، بہت، ہیں

35 منٹ • بچے کوپی میں دن اور تاریخ لکھیں۔ اپنی نانی یا دادی کی تصویر لگائیں اور ان کے بارے میں 4 - 3 جملے لکھیں۔ بورڈ پر دیئے گئے مدد گار الفاظ استعمال کریں۔

# ڈائنوسور اور ہم

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

بک گروپ کی کتاب ڈائنوسور اپنے ساتھ لائیں۔

## سیشن 1

**20 منٹ** • کہانی سے متعلق بات چیت کریں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں دنیا کے سب سے بڑے جانور کون سے ہیں۔
( ہاتھی ، وھیل ، گینڈا ، زرافہ ، برفانی ریچھ وغیرہ )
- سب سے طاقتور جانور کون سے ہیں۔
( شیر ، مگرمچھ ، ریچھ ، ہاتھی وغیرہ )
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا کوئی جانور ایسا بھی ہے جو پہلے تھا لیکن اب دنیا میں کہیں بھی نہیں ہے۔ اور وہ بہت بڑا جانور تھا۔ بچے یقیناً ڈائینوسور کا نام بتائیں گے۔ اگر نہ بتا سکیں تو ڈائنوسور کے بارے میں بتائیں کہ ڈائنوسور ہم سے بہت پہلے دنیا میں تھے ۔ تمام ڈائنوسور ریپٹائل تھے بالکل اسی طرح جس طرح سے سانپ، چھپکلی، اور مگرمچھ ہیں۔ ڈائنوسور انڈوں سے پیدا ہوتے تھے۔ زیادہ تر ڈائنوسور سبزی خور تھے لیکن کچھ گوشت خور بھی تھے۔ ہمیں ڈائنوسور کے بارے میں ان کے fossils سے پتا چلتا ہے۔ سب سے بڑے ڈائنوسور تقریباً 100 فٹ سے زیادہ لمبے تھے اور 50 فٹ کے لگ بھگ اونچے۔ کچھ ڈائنوسور چلنے کے لئے چاروں ٹانگوں کا استعمال کرتے تھے کچھ دو کا اور کچھ کبھی چاروں کا اور کبھی دو ٹانگوں کا۔
- کچھ بہت تیز دوڑتے تھے اور کچھ آہستہ۔ کچھ کے اوپر بہت سخت خول تھے، کچھ کے سینگ تھے اور کچھ کے جسم پر کانٹے یا کھال کی frill تھی۔
- bookgroup کی کتاب ڈائنوسور پڑھ کر سنائیں۔ اور اس میں بنی تصویریں دکھائیں۔

**20 منٹ** • بچوں سے کہانی ڈائنوسور اور ہم کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔ بچوں سے سوال کریں کہ ان کے خیال میں ڈائنوسور دنیا سے کہاں چلے گئے اور کیوں؟

- بچے جو جواب دیں اس پر ان کی حوصلہ افزائی کریں ۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • اپنے پسند کے ڈائنوسور کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں دو جملے لکھیں ۔

# سیشن 2

10 منٹ • بچوں کے ساتھ پالتو اور جنگلی جانوروں کے بارے میں بات کریں۔ ان کے نام پوچھیں۔

20 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔

- بورڈ پر 2 کولم بنائیں اور بچوں سے پوچھ کر ہم سے بڑے اور چھوٹے جانوروں کے نام الگ کولم میں لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتارلیں۔

| ہم سے بڑے جانور | ہم سے چھوٹے جانور |
|---|---|
| گھوڑا | بلی |
| ہاتھی | کتا |
| ریچھ | چوہا |
| زرافہ | خرگوش |
| اونٹ | مینڈک |

10 منٹ • بچے اپنی پسند کے کچھ جانوروں کی تصویریں بنائیں اور ان میں رنگ کریں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • اپنے بنائے ہوئے کسی ایک جانور کے بارے میں 3 جملے لکھیں۔

# سیشن 3

15 منٹ • ایک ایک کر کے 10 - 8 بچوں سے جانوروں پر لکھے گئے جملے کلاس کے باقی بچوں کو سنوائیں۔

25 منٹ • الفاظ کی توڑ جوڑ پر کام کروائیں۔ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کاپیوں میں الفاظ بورڈ سے اتار کر ان کی توڑ لکھیں۔

حروف توڑیں

1 بہت =

2 بڑے =

3 پہلے =

4 رہتے =

5 طاقت =

6 دنیا =

**ہوم ورک**

5 منٹ • کسی 4 پالتو جانوروں کے نام لکھیں اور ان کی تصویریں بنائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

ٹیچر سادے کاغذ پر ڈائنوسور کی تصویر بنا کر فوٹو کاپی کروالیں۔

# سیشن 4

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

35 منٹ • بچوں کو فوٹو کاپی کروائی ہوئی ڈائنوسور کی تصویر دیں

- بچے اس میں رنگ بھریں۔
- اپنے ڈائنوسور کو نام بھی دیں۔
- ورک شیٹ پر بچے اپنے ڈائنوسور کے بارے میں 4 جملے لکھیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کے لئے گرما یا سردا کا انتظام کریں (اگر بازار میں مل رہا ہے) ورنہ ایک football کا انتظام کریں۔ جو roleplay میں ڈائنوسور کے انڈے کی جگہ استعمال ہو گا۔

# سیشن 5

**20 منٹ**

- بچے اپنی کوپی نکالیں۔
  - بورڈ پر خالی جگہ پر کرنے کے لئے جملے اور الفاظ لکھیں۔
  - بچے بورڈ سے جملے اپنی کوپی میں اتاریں اور خالی جگہ پر کریں۔

خالی جگہ پر کریں۔

الفاظ ( ہوں ، بہت ، ہے ، نہیں )

1 ڈائنوسور ہم سے ________ بڑے تھے۔

2 میں بہت طاقتور ________ ۔

3 ڈائنوسور دنیا میں ________ ہیں۔

4 میرا ایک چھوٹا بھائی ________ ۔

**25 منٹ**

- بچوں کو 4 گروپس میں بانٹیں۔ ہر گروپ کو ایک ہی situation دیں اور role play کروائیں۔

بچے سردا / گرما یا football ڈائنوسور کے انڈے کی جگہ استعمال کریں۔

**بچوں کو ڈائنوسور کا انڈا ملا**

1 کہاں ملا

2 کیسے ملا

3 کس کو ملا

4 جب انڈا ملا تو کیسا لگا۔

5 انڈے کے ساتھ کیا کیا۔

نوٹ: اگر سردا یا گرما استعمال کیا ہے تو role play کے بعد بچوں کو کاٹ کر کھلائیں۔

# رس بھرے مالٹے

<table><tr><td>

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

کینو ، مالٹا ، موسمبی ، گریپ فروٹ اور لیمو لے کر آئیں۔ اگر فروٹ نہ ملیں تو ان کی تصویریں لے آئیں۔ کہانی آم میں جو پھلوں کی لسٹ بنائی تھی وہ لے آئیں۔

</td></tr></table>

## سیشن 1

- **10 منٹ** کہانی رس بھرے مالٹے پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور اس کا ترجمہ انگریزی میں لکھیں اور پڑھائیں۔

| اردو | english |
|---|---|
| ٹھیلا | cart |
| رس | juice |
| رس بھرا | juicy |
| میٹھا | sweet |
| کھٹا | sour |
| مزے کا | tasty |

- **10 منٹ** ٹھیلا، بھر ، میٹھا، کھٹا کی توڑ لکھیں پھر جوڑ لکھیں۔ بچوں کو ٹھ، بھ اور کھ سمجھائیں۔

- **10 منٹ** لائے ہوئے پھل یا تصویریں ایک ایک کر کے بچوں کو دکھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کینو صرف پاکستان میں ہوتا ہے۔ اس کی شکل اور اس کا مزہ مالٹے اور موسمبی سے مختلف ہے۔ مالٹے اور موسمبی میں بھی فرق ہے۔ مگر یہ فرق کم ہے۔ مالٹے اور موسمبی دونوں کو orange کہتے ہیں۔ کینو کو kinoo ہی کہتے ہیں۔ grapefruit بڑا بھی ہوتا ہے اور زیادہ کھٹا بھی۔ ان کی کاشیں کبھی بالکل پیلی ہوتی ہیں اور کبھی گلابی۔ لیمو کو lemon کہتے ہیں۔ یہ چھوٹا سا پھل سب سے زیادہ کھٹا ہوتا ہے۔ ان سب پھلوں میں vitamin c ہوتاہے۔ vitamin c نزلہ زکام سے بچاتا ہے۔ یہ تمام سردیوں کے پھل ہیں۔

10 منٹ • کہانی ''آم'' میں جو پھلوں کی لسٹ بنائی تھی ان کی دوبارہ slight reading کروائیں۔ بچوں سے پوچھیں وہ کون سے پھل ہیں جن کا رس نکال سکتے ہیں۔ اور ان کے نام بورڈ پر لکھ کر پڑھوائیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • اپنی پسند کے کسی پھل کی تصویر بنائیں اور پھل کا نام لکھیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • بچے کہانی '' رس بھرے مالٹے'' کی پڑھائی کریں۔ کوشش کریں کہ 10 - 8 بچوں کی باری آ سکے۔

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ رس بھرے مالٹے میں سے گنتی کر کے بتائیں کہ ٹھیلے والے نے سب ملا کر کتنے پھلوں کا جوس نکالا تھا؟

(جواب: 10 = 3 + 1 + 2 + 4)

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں لکھیں کہ ان کے گھر میں کتنے لوگ ہیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ اگر گھر کے ہر آدمی کو 2 گلاس جوس چاہیئے تو ٹھیلے والے سے انہیں کتنے گلاس جوس لینے ہوں گے۔ اگر ایک گلاس Rs 5 کا ہے تو آپ ٹھیلے والے کو کتنے پیسے دیں گے۔ بورڈ پر مثال دے کر سمجھائیں۔

لوگ 6 : جوس کے گلاس 6 x 2 = 12 پیسے : Rs 5 x 12 = Rs 60

**ہوم ورک**

5 منٹ • گھر سے کہانی پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • کہانی '' رس بھرے مالٹے'' کی پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • ان الفاظ کو بچے جوڑ کر لکھیں اور کسی دو الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھ | ے | ل | ا | | | = | ٹھیلا |
| م | ا | ل | ٹ | ا | | = | |
| م | ی | ٹھ | ے | | | = | |
| ن | چ | و | ڑ | ا | | = | |
| م | و | س | م | ب | ی | = | |

10 منٹ • بچوں کو کوئی مزیدار کہانی سنائیں جیسے بک گروپ کی کتاب ''چٹ پٹی چاٹ''۔

10 منٹ • کلاس میں 6 گروپ بنوائیں۔ 2 گروپس سے لیموں منگائیں۔ 2 گروپس سے چینی منگوائیں اور ہر بچے سے اپنا اپنا گلاس منگوائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 4 میں کلاس میں شربت بنانے کی activity کروائی جائے گی۔ پانی کے جگ یا ایسا برتن جس میں شربت تیار کرسکیں کا انتظام کریں۔

# سیشن 4

20 منٹ • بچوں کے سامنے شربت بنائیں۔ شربت بناتے ہوئے ساتھ ساتھ بتائیں کہ کیا کر رہی ہیں۔
- بچوں سے کہیں وہ غور سے دیکھیں۔
- شربت بن جائے تو بچوں کو پلا دیں۔

25 منٹ • بچوں سے شربت کے اجزاء پوچھ کر بورڈ پر لکھیں اور زبانی ترکیب پوچھیں۔
- بچے اپنی کوپی میں شربت بنانے کے اجزاء اور اس کی ترکیب لکھیں۔

# سیشن 5

10 منٹ • 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ • بورڈ پر بھ ، پھ ، ٹھ اور کھ کی آوازیں لکھیں۔ بچوں سے پڑھوائیں اور ان آوازوں سے بننے والے الفاظ پوچھیں۔

25 منٹ • بچے یہ آوازیں اپنی کوپی میں اتاریں اور ہر آواز سے 2 الفاظ لکھیں۔

جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| بھ | = | بھول | بھوت |
| پھ | = | پھول | پھٹ |
| ٹھ | = | ٹھیلا | ٹھنڈا |
| کھ | = | کھانا | کھٹا |

# سیشن 6

10 منٹ • 8 - 10 بچوں سے کہانی رس بھرے مالٹے پڑھوائیں۔

10 منٹ • بچوں سے ٹھیلے والے کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے ٹھیلے پر کیا کیا چیزیں بکتے ہوئے دیکھی ہیں ۔

جیسے:

سبزی ، پھل ، مونگ پھلی ، ردی ، چھولے ، کھلونے

15 منٹ • بچوں کی توجہ ٹھیلے والے نے جو آواز لگائی تھی اس طرف دلائیں۔ بچوں سے کہیں کہ ہر بچہ ایک ایک کر کے کلاس کے سامنے آ کر ٹھیلے والے نے کیسے آواز لگائی ہو گی کی acting کریں۔

10 منٹ • بچے اپنی کوپی میں ٹھیلا بنائیں اور اس پر وہ چیزیں بنائیں جو ٹھیلے والا بیچ رہا ہے۔ ٹھیلے والے کی تصویر بھی بنائیں۔

# مکڑی

### ٹیچر کے لئے نوٹ

کہانی **مکڑی** کے الفاظ کے flashcard بنائیں اور انگریزی ترجمہ لکھیں۔

| english | اردو |
|---|---|
| spider | مکڑی |
| cunning | چالاک |
| insects | کیڑے |

| english | اردو |
|---|---|
| legs | پاؤں |
| cobweb | جالا |
| | |

## سیشن 1

**10 منٹ** • کہانی مکڑی پڑھ کر سنائیں ۔

- لسٹ Flashcard 1 کی sight reading کروائیں۔
- بچوں سے پوچھیں مکڑی اپنا جالا کس چیز سے بناتی ہے۔ اس کے جالے میں کیڑے مکوڑے کیوں پھنس جاتے ہیں۔ ان کے خیال میں مکڑی کے جالے میں کون کون سے کیڑے پھنس جاتے ہیں۔

**15 منٹ** • بورڈ پر لفظ کیڑے insects لکھیں۔

- بچوں سے کیڑوں کے نام پوچھ کر اردو اور انگریزی میں لکھیں اور پڑھوائیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| english | اردو |
|---|---|
| ant | چیونٹی |
| butterfly | تتلی |
| firefly | جگنو |
| scorpion | بچھو |

| enlgish | اردو |
|---|---|
| fly | مکھی |
| honeybee | شہد کی مکھی |
| cockroach | لال بیگ |
| | |

15 منٹ • بچے کسی بھی 3 کیڑوں کی تصویر بنائیں، اس میں رنگ بھریں اور اس کا نام اردو اور انگریزی میں بورڈ سے دیکھ کر لکھیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • پرانا اخبار لے کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 2 کے لئے کالا چارٹ پیپر کی 8 - 6 شیٹ (مکڑی کی ٹانگیں بنانے کے لئے) 20 - 15 برش، کالا رنگ (poster paint)، گوند اور چند قینچیوں کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • لسٹ1 کے الفاظ کی دہرائی کروائیں۔

- بچوں کو flashcards سے sight reading کرائیں۔

15 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی مکڑی کی پڑھائی کروائیں۔

• کہانی میں سے وہ الفاظ جن میں ھ کا استعمال ہے بچوں کے ساتھ مل کر بورڈ پر لکھیں۔

20 منٹ • • بچوں سے مکڑی بنانے کی activity کروائیں۔ ایک ایک کر کے ہدایت دیں۔

1 مکڑی کا جسم بنانے کے لئے:

- اخبار کا ایک صفحہ لے کر اس کا گولہ بنائیں۔
- گولے کو کالا رنگ کریں۔

2 بچوں کو کالا چارٹ پیپر دیں جس میں سے وہ مکڑی کی آٹھ ٹانگیں کاٹیں:

- مکڑی کے جسم پر ٹانگیں گوند سے چپکا دیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی مکڑی پڑھوائیں۔

15 منٹ • مختلف کیڑوں پر بات کریں۔ وہ کون سے کیڑے ہیں جو ہمارے لئے فائدہ مند ہیں اور کیوں؟

- وہ کون سے کیڑے ہیں جو نقصان دہ ہیں اور کیوں؟ بچوں سے پوچھ کر ان کے نام بورڈ پر لکھیں۔

| فائدہ مند کیڑے | نقصان دہ کیڑے |
|---|---|
| شہد کی مکھی | مکھی |
| جگنو | مچھر |
| ریشم کا کیڑا | لال بیگ |
| تتلی | بچھو |

شہد کی مکھی شہد بناتی ہے۔

جگنو روشنی دیتا ہے۔

ریشم کا کیڑا ریشم (silk) بناتا ہے۔

تتلی پھولوں کو pollinate کرتی ہے۔

مکھی ، مچھر اور لال بیگ بیماریاں پھیلاتے ہیں۔

بچھو زہریلا ہوتا ہے۔

15 منٹ • معلومات دینے کے بعد بچوں کو خالی جگہ پُر کرنے کا کام کروائیں۔

- الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو دئے گئے الفاظ سے خالی جگہ مکمل کروائیں۔

چھتا ، جگنو ، پھولوں ، مچھر ، مکھی ، لال بیگ

1 شہد کی مکھی ________ بناتی ہے۔

2 ________ روشنی دیتا ہے۔

3 تتلیاں ________ کو pollinate کرتی ہے۔

4 ________ ، ________ اور ________ بیماریاں پھیلاتے ہیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • کہانی مکڑی پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 4

15 منٹ • بچوں کو بتائیں کہ جس طرح ہمارے گھر ہوتے ہیں اسی طرح کیڑوں اور پرندوں کے بھی گھر ہوتے ہیں۔

- کیڑوں / پرندوں کے نام بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر ان کے آگے ان کے گھر کو کیا کہتے ہیں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| مکڑی | جال | cobweb |
| چیونٹی | بل | anthill |
| شہد کی مکھی | چھتہ | honycomb |
| چڑیا | گھونسلہ | nest |

25 منٹ • بچوں سے کہیں وہ کس طرح کے گھر میں رہنا چاہیں گے اس کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

- اپنے گھر کے بارے میں 4 - 3 جملے لکھیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • گھر میں جو کیڑے مکوڑے ہوتے ہیں ان کے نام کسی بڑے کی مدد سے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 5

15 منٹ • بچوں کو واحد اور جمع کا فرق بتائیں۔ واحد ایک کو کہتے ہیں اور ایک سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں۔ جب ہم جملے بناتے ہیں تو واحد الفاظ کے ساتھ ہے آتا ہے اور جمع الفاظ کے ساتھ ہیں آتا ہے۔ مثالیں دے کر فرق واضح کریں۔

10 منٹ • الفاظ بورڈ پر لکھ کر پڑھوائیں اور بچے کوپی میں الفاظ اور ان کی جمع لکھیں۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| پودے | پودا |
| مکڑیاں | مکڑی |
| جالے | جالا |
| کیڑے | کیڑا |
| ہم | میں |

15 منٹ • بچے واحد اور جمع الفاظ کے زبانی جملے بنائیں اور ان میں کسی 4 الفاظ سے ہے اور ہیں کے ساتھ جملے کوپی میں لکھیں۔

جیسے:

میرا جوتا پھٹ گیا ہے۔

میرے باغ میں کیڑے ہیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • ہے اور ہیں سے 4 جملے بنائیں۔

# سیشن 6

25 منٹ • بچوں سے کہانی سے متعلق زبانی سوال و جواب کریں۔کوشش کریں کہ ہر بچہ جواب دے۔

1 مکڑی کے کتنے پاؤں ہوتے ہیں؟ (آٹھ)

2 مکڑی کس چیز سے اپنا گھر بناتی ہے؟ (تھوک)

3 مکڑی کے جالے میں کون سے کیڑے پھنس جاتے ہیں؟ (لال بیگ)

4 مکڑی کے گھر کو کیا کہتے ہیں؟ (جالا)


5 مکڑی انڈے دیتی ہے یا بچے؟ (انڈے)

20 منٹ • بچے سوالوں کے جوابات اپنی کوپی میں لکھیں۔

# پوپلا مگرمچھ

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

مگرمچھ کے منہ کا mask اپنے چہرے کی مناسبت سے بنا لیں۔



# سیشن 1

**15 منٹ** • بچوں کو خاموش رہنے کی تاکید کریں اور کہیں کہ میں ایک جانور کی acting کروں گی۔ آپ کو بوجھنا ہے کہ میں کون ہوں۔ اداکاری کے ساتھ ساتھ بتائیں کہ آپ کیا کر رہی ہیں۔

1 میں پانی کے اندر تیر سکتا ہوں۔ (ایسے چل کر دکھائیں جیسے مگرمچھ پانی میں چلتا ہے۔)
2 میں زمین پر بھی چلتا ہوں۔
3 اگر کوئی مجھے چھیڑے تو میں بڑا سا منہ کھول کر کھا جاتا ہوں۔ (دونوں ہاتھ کلائی سے جوڑ کر مگرمچھ کا جبڑا بنائیں اور زور سے بند کرتے ہوئے کہیں)
4 بچوں سے پوچھیں میں کون ہوں۔
- پھر ماسک پہن کر دوبارہ acting کریں۔
- کچھ بچوں کو mask پہنا کر مگرمچھ کی acting کروائیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ مگرمچھ پانی کے کنارے رہتا ہے۔ (جھیل ، دریا ، سمندر)
- مگرمچھ بہت تیزی سے زمین پر بھاگتا ہے لیکن بہت دور تک نہیں بھاگ سکتا۔
- مگرمچھ اپنی دم ایک طرف سے دوسری طرف ہلا کر پانی میں تیرتا ہے۔
- مگرمچھ گوشت خور ہے۔ مچھلی ، مینڈک ، سانپ ، چڑیا ، ہرن ، بندر وغیرہ کھاتا ہے۔

**15 منٹ** • بورڈ پر الفاظ لکھیں اور بچوں کے ساتھ مل کر الفاظ پڑھیں۔
سکتا ، کیا ، اپنے ، لگا ، ملے ، کھا ، کچھ

- بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں اتاریں۔

**15 منٹ** • کہانی پڑھ کر سنائیں۔ 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

# سیشن 2

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ • کہانی کے حوالے سے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جواب بچوں سے پوچھیں۔ بچوں سے سوالات کریں۔

1 مگرمچھ کمزور کیوں ہو گیا تھا؟

2 آپ کے خیال میں مگرمچھ کے دانت کیوں ٹوٹ گئے تھے؟

3 مگرمچھ نے اپنے دانت کس چیز سے بنائے؟

4 اور کن چیزوں سے دانت بن سکتے ہیں؟

5 آپ کے خیال میں مگرمچھ کیا کھا کر طاقت ور ہو گیا ہو گا؟


15منٹ • بچے سوال 1 اور سوال 2 کے جواب اپنی کوپی میں لکھیں۔

5 منٹ • ہوم ورک

سیشن 1 میں دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کریں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 میں بچے کپڑے سکھانے والی چٹکی (clothespin) سے مگرمچھ بنائیں گے۔ بچوں کی تعداد کے مطابق لکڑی کی چٹکیاں، 4 - 3 مختلف رنگ (paints) 4 - 3 چھوٹی پلیٹیں، گوند، سفید کاغذ اور کچھ کالے مارکر کا انتظام کریں۔ کلاس میں آنے سے پہلے چٹکی سے مگر مچھ بنا لیں۔ مگرمچھ کی کھال (scales) کارڈ پیپر کو zigzag کاٹ کر بنا لیں۔



# سیشن 3

- 15 منٹ • املا لیں۔ بچوں سے کوپی لے کر چیک کر لیں۔

- 30 منٹ • بچوں کو چٹکی سے بنایا ہوا مگرمچھ دکھائیں۔
  - بچوں کو چٹکیاں اور برش دیں۔
  - 6 - 5 بچوں کے گروپ بنا لیں۔
  - ہر گروپ کو ایک پلیٹ اور اس میں مختلف رنگ ڈال کر دیں۔ ساتھ میں گوند بھی دیں۔
  - بچے اپنی چٹکی کو رنگ کریں اور رنگ خشک ہونے دیں۔
  - کاغذ کی "3"x3 لمبی strip کو رنگ کرلیں۔ جب کاغذ خشک ہو جائے تو zigzag کاٹ لیں۔
  - چٹکی کے اوپر گوند سے چپکا دیں۔ (بچوں کو چٹکی کھول بند کر کے دکھائیں کہ مگرمچھ کا منہ کس طرف بنے گا)
  - منہ والے حصے پر سفید کارڈ پیپر سے بنی آنکھیں لگائیں۔
  - کام کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔
  - مگرمچھ تیار ہو جائیں تو کلاس میں ڈوری لگا کر اس پر display کریں۔

# سیشن 4

- 10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے پوپلا مگرمچھ کی پڑھائی کروائیں۔

- 15 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں حروف جوڑ کر الفاظ بنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ی | ک | = |
| م | ن | ہ | = |
| گ | ی | ا | = |
| س | ی | پ | = |
| ل | گ | ا | = |
| ک | ھ | ا | = |
| ک | چ | ھ | = |

20 منٹ • بورڈ پر جملے اور الفاظ لکھیں۔ بچے کوپی میں جملے لکھیں اور خالی جگہ دیئے گئے الفاظ سے پر کریں۔

(کمزور / پوپلا) ، ( سمندر کے کنارے ) ، (سیپ لگائے ) ، (خوش / طاقت)

1 مگرمچھ کے دانت نہیں تھے وہ ____________ ہو گیا تھا۔

2 مگرمچھ کو سیپ ____________ سے ملے۔

3 مگرمچھ نے دانت کی جگہ ____________ لگائے۔

4 سیپ لگا کر مگرمچھ ____________ ہو گیا۔

## سیشن 5

15 منٹ • بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ بچوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایک کولم میں لکھیں کہ مگرمچھ کیا کھاتا ہے۔ دوسرے میں اس کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| اردو | english |
|---|---|
| مچھلی | fish |
| سانپ | snake |
| ہرن | dear |
| جھینگا | shrimp |

| اردو | english |
|---|---|
| مینڈک | frog |
| چڑیا | birds |
| بندر | monkey |
| | |

15 منٹ • جملے بنائیں : پوپلا ، کمزور ، سمندر

15 منٹ • کتاب سے دیکھ کر بورڈ پر مگرمچھ بنائیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں مگرمچھ بنا کر اس کے جسم کے مختلف حصے label کریں۔

سر ، آنکھ ، پاؤں ، دم ، جبڑا ، دانت ، پنجے

# سیشن 6

10 منٹ • بچوں سے مگرمچھ کے بارے میں نظم لکھنے پر بات چیت کریں۔ بچوں کے ساتھ مل کر مگرمچھ کے بارے میں وہ الفاظ اور معلومات جو بتائی گئی ہیں دہرائیں۔ ان کو بورڈ پر لکھیں تاکہ بچے جب نظم لکھیں تو ان سے مدد لے سکیں۔

35 منٹ • بچوں سے کہیں کہ مگرمچھ پر 6 - 4 لائینوں کی نظم لکھیں۔ نظم لکھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

ایک مگر مچھ میں نے پالا
کالی کالی آنکھوں والا
لمبے لمبے دانت ہیں اس کے
دو پاؤں دو ہاتھ ہیں اس کے
چھیڑو تو وہ گھورتا ہے
بڑا سا جبڑا کھولتا ہے

# چلغوزے اور موزے

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

کہانی کے نئے الفاظ کے flashcard بنا لیں۔

## سیشن 1

10 منٹ
- نئے الفاظ کو توڑ کر پھر جوڑ کر بورڈ پر لکھیں۔

بچوں کو پڑھ کر سنائیں اور بچوں سے پڑھوائیں ۔ اس طرح بچوں کو الفاظ کی پہچان ہو جائے گی اورنظم پڑھ سکیں گے۔

**مشکل الفاظ**

چ + ل + غ + و + ز + ے = چلغوزے

م + و + ز + ے = موزے

ب + ھ + و + ر + ے = بھورے

م + ز + ے = مزے

م + ن + ہ = منہ

ب + د + ب + و = بدبو

10 منٹ
- بچے کتاب نکالیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نظم پڑھیں گے۔ بچوں سے نظم کا عنوان پوچھیں۔
- چلغوزے اور موزے پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اس نظم میں ہم آواز الفاظ ''ے'' سے بنائے گئے ہیں۔

جیسے: موزے ، چلغوزے

- 8 - 6 بچے نظم پڑھیں۔ اگر بچوں کو پڑھنے میں مشکل ہو تو بورڈ پر لکھے مشکل الفاظ کی طرف توجہ دلائیں اور پڑھنے میں مدد کریں۔

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کس کس کو چلغوزے پسند ہیں۔ انھیں بتائیں کہ چلغوزہ خشک میوہ (dry fruit) ہے۔ خشک میووں سے ہماری قوت مدافعت مضبوط ہوتی ہے مثلاً نزلہ، زکام نہیں ہوتا ' جسم میں طاقت آتی ہے۔

- بچوں سے مختلف میووں کے نام پوچھیں۔ ان سے ان کے پسندیدہ میوے کا نام پوچھیں۔

**15 منٹ** • بچے کوپی نکالیں۔ دو کولم بنائیں ایک کولم میں بورڈ پر dry fruit کے نام اردو میں لکھیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر انگریزی میں نام لکھیں۔ بچے کوپی میں یہ کام اتاریں ۔

| English | اردو |
|---|---|
| pine nuts | چلغوزے |
| almonds | بادام |
| walnut | اخروٹ |

| English | اردو |
|---|---|
| cashew | کاجو |
| raisins | کشمش |
| peanut | مونگ پھلی |

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

بچوں کی تعداد کے مطابق سفید کاغذ اور رنگین پینسلوں / crayons کا انتظام کریں۔

# سیشن 2

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے نظم پڑھوائیں۔

**10 منٹ** • سوال جواب کریں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ بچوں سے پوچھیں۔

1 لفظ موزے کتنے رنگوں میں لکھا ہوا ہے؟ رنگوں کے نام بتائیں۔

2 ان رنگوں کے علاوہ اور کن رنگوں کے نام جانتے ہیں۔

3 انھیں کون سا رنگ سب سے زیادہ پسند ہے اور کیوں۔

**20 منٹ** • بچوں سے کہیں ایک تصویر بنائیں جس میں سب رنگ استعمال کریں۔

- اب بچوں سے کہیں کہ ہم ایک نظم لکھیں گے جس میں رنگوں کے نام استعمال کریں گے۔

- پہلی دو لائنیں بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی میں اتاریں۔ باقی نظم بچے خود لکھیں۔ نظم لکھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

- نظم لکھنے کے بعد چند بچوں کو موقع دیں کہ بچے اپنی نظم سنائیں۔

میری / میرے دوست کے

بھورے ہیں بال

اور گال ہیں لال

پاؤں میں کالے جوتے

ہرے ہرے ہیں موزے

**ہوم ورک**

5 منٹ • گھر میں امی اور ابو کو اپنی لکھی ہوئی نظم سنائیں اور تصویر دکھائیں۔ گھر سے ایک موزہ لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 میں موزے سے چوہے ، سانپ ، کتا ، بلی ، چڑیا کے puppets بنانے کے لئے چند چیزوں کا انتظام کرلیں۔ قینچی ، گوند ، لال اور کالا چارٹ پیپر ، اون ، کپڑا (منہ اور کان بنانے کے لئے) ، کالے بٹن (آنکھیں بنانے کے لئے)۔ کان ، منہ ، زبان وغیرہ پہلے سے تیار کر لیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے نظم پڑھوائیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ موزے کیوں پہنے جاتے ہیں۔ مثلاً جوتوں کے ساتھ کہ پاؤں میں پسینہ نہ آئے ، سردی سے بچنے کے لئے، پاؤں صاف رکھنے کے لئے ، موزے فیشن کے لئے بھی پہنے جاتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ موزوں کا صاف ہونا ضروری ہے کیونکہ ان میں سے بدبو آنے لگتی ہے۔ گندے موزوں سے پاؤں میں جلد کی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔

10 منٹ • لفظ گندا اور صاف کی طرف بچوں کی توجہ دلائیں کہ یہ الفاظ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

- بورڈ پر 5 الفاظ لکھیں اور بچوں کے ساتھ مل کر الفاظ ضد لکھیں ۔ بچے الفاظ اور ضد کو پی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| گندا | صاف |
| بدبو | خوشبو |
| کالا | سفید |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| نیا | پرانا |
| مزے دار | بدمزہ |
| | |

25 منٹ • بچے اپنے لائے ہوئے موزے نکالیں۔ تیار کئے ہوئے کان ، منہ وغیرہ بچوں میں تقسیم کریں جو وہ اپنے موزے پر چپکا کر جانور کا puppet بنائیں۔

**نوٹ** : puppet تیار ہو جائیں تو انھیں اپنے پاس رکھ لیں۔سیشن 4 میں ان کی مدد سے role play ہو گا۔

# سیشن 4

30 منٹ • بچوں میں ان کے بنائے ہوئے puppets تقسیم کریں۔ بچے puppets ہاتھ میں پہن لیں۔

- بچوں کے چار چار کے گروپ بنائیں۔
- ہر گروپ میں کوشش کریں کے مختلف جانور ہوں۔
- جانور آپس میں صفائی اور گندگی پر بات چیت کریں۔ اس دوران بچوں کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ ایک وقت میں ایک بچہ بات کرے۔ کلاس میں شور نہ ہو۔

**بات چیت کے لئے کچھ موضوع**

1 چوہے کو گندگی پسند ہے۔

2 بلی کو صفائی پسند ہے۔

3 بلی اپنے آپ کو صاف کر کر کے تھک گئی اور چوہے کی طرح آرام سے رہنا چاہتی ہے۔

4 چڑیا اڑتے اڑتے کوڑے سے کھانا لیتی ہے تا کہ اس کے پاؤں گندے نہ ہوں۔

5 چوہا / سانپ ایک بدبودار موزوں میں پھنس گئے۔

6 بچہ کھانے کے بعد منہ صاف نہیں کرتا اور گندا لگتا ہے۔ بلی اس کا منہ صاف کرتی ہے۔

10 منٹ • سیشن کے آخر میں بچوں سے ان کے بنائے ہوئے puppets لے لیں اور کلاس میں display کریں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • نظم کی پہلی 4 لائنیں اپنی سب سے اچھی لکھائی میں لکھ کر لائیں۔ صفحہ نمبر25 سے املا کے لئے الفاظ یاد کریں۔

# سیشن 5

10 منٹ • الفاظ کا املا کروائیں۔

- املا کے الفاظ بورڈ پر لکھیں ۔ بچے اصلاح کریں۔

30 منٹ • بچوں کی توجہ ہم آواز الفاظ کی طرف دلائیں۔

- بچوں کے ساتھ مل کر چند ہم آواز الفاظ بنائیں۔
- بچے اگر ایسے الفاظ بنائیں جو بے معنی ہوں تو اس پر بچوں کی حوصلہ شکنی نہ کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ کو nonsense words کہتے ہیں۔ ان الفاظ کو بھی کبھی کبھی استعمال میں لایا جاتا ہے۔ خاص طور سے نظم میں۔
- بچوں کو 5 - 4 گروپ میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کو ایک ایسا لفظ دیں جن سے کئی الفاظ بن سکیں۔ ہر گروپ الفاظ بنائے۔ ہر گروپ سے ایک بچہ بورڈ پر اپنے گروپ سے پوچھ پوچھ کر ہم آواز الفاظ لکھے۔ الفاظ لکھنے میں بچوں کی مدد کریں۔
- جب سب الفاظ بورڈ پر آجائیں تو بچوں کی مدد سے nonsense words کے اطراف گولا بنائیں۔

**مثلاً :**

| | | | |
|---|---|---|---|
| پاؤں : | گاؤں | ڈاؤں | میاؤں |
| رنگ : | ونگ | تنگ | جنگ |
| کالے : | | | |
| چلغوزے : | | | |
| گیا : | | | |

- بچوں سے ان الفاظ کو پڑھوائیں۔ کلاس میں اس موقع پر نظم و ضبط کا خیال رکھیں ۔

# نادر کا بندر

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

بک گروپ کی کتابیں بڑے جب چھوٹے تھے، **خوشبو اور چھلکا** لے کر رکھ لیں۔

مندرجہ ذیل الفاظ کے flashcard بنائیں ۔

بندر، شریر، کیلا، مٹک، بہت، دیتا، چھایا، ہاتھ، بیٹھ، جھوٹ موٹ، روٹھ، جھانک، دیکھا، کھائے

## سیشن 1

**15 منٹ**

- بچوں سے پالتو جانوروں کے بارے میں بات چیت کریں۔
  بچوں سے سوال کریں۔
  - کیا کسی کے پاس کوئی پالتو جانور ہے؟ اگر ہے تو کون سا جانور ہے۔
  بچوں کو موقع دیں کہ وہ اپنے پالتو جانور کے بارے میں بتائیں کہ:
  - وہ اسے کہاں رکھتے ہیں؟
  - کھانے کو کیا دیتے ہیں؟
  - گھر کے کون کون سے افراد اس کا خیال رکھتے ہیں؟
  - کیا پالتو جانوروں کے ساتھ کھیلتے ہیں؟
  - اگروہ بیمار ہو جائے تو کیا کرتے ہیں؟

**15 منٹ**

- بچوں سے پوچھیں کہ اگر انہیں بندر پالنا ہوتو کیوں پالیں گے؟ بچوں کو موقع دیں کہ وہ جواب دے سکیں۔
  بات چیت کے دوران کوشش کریں کہ ہر بچے کو موقع ملے۔ نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔
  بچوں کو بتائیں کہ انھیں ان کی باری پر ہی بولنے کا موقع ملے گا۔

**10 منٹ**

- نئے الفاظ flashcard کی مدد سے متعارف کروائیں۔

**5 منٹ**

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے ان کے خیالات پوچھیں۔

# سیشن 2

15 منٹ • کہانی کے چھوٹے چھوٹے حصے پڑھیں اور کہانی کے بارے میں سوال کریں۔

بچوں کو بتائیں کہ شرارت اسی وقت تک شرارت ہے جب تک اس سے کسی کو نقصان نہ پہنچے۔

بچوں سے سوال کریں:

1 نادر نے بندر کو کون سا پھل دیا؟

2 شریر کا کیا مطلب ہے؟

3 ہاتھ اٹھا کر بتائیں کہ کیا آپ شرارت کرتے ہیں؟

4 اپنی کسی شرارت کے بارے میں بتائیں؟

5 کیا آپ کبھی کسی سے روٹھتے ہیں؟

6 روٹھ کر کیا کرتے ہیں؟

7 کیا آپ جھوٹ موٹ میں روتے ہیں؟

8 آپ کو کون مناتا ہے اور کیسے؟

- بچے کسی 2 سوال کے جواب کو پی میں لکھیں۔

15 منٹ • 5 - 4 بچوں سے کہانی کی کچھ لائنیں باری باری پڑھوائیں۔

10 منٹ • بک گروپ کی کتاب بڑے جب چھوٹے تھے پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی پسند آئی یا نہیں اور کیوں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • اپنے امی یا ابو سے ان کی کسی شرارت کے بارے میں پوچھ کر 3 جملے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 3

15 منٹ • سب بچے باری باری اپنے امی یا ابو کی شرارت کے بارے میں بتائیں۔

10 منٹ • 5 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔
ٹیچر بورڈ پر وہ حروف لکھیں جن میں ' ھ' ملا کر نئی آوازیں بنیں گی اور بچوں سے پڑھوائیں۔
ب، پ، ت، ٹ، ج، چ، د، ڈ، ک، گ

- حروف کے ساتھ ' ھ' ملا کر نئے الفاظ بچوں سے پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں اتاریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بھ | بھائی | بھاگو | بھی |
| پھ | پھول | پھل | پھر |
| تھ | تھا | تھی | ہاتھی |
| ٹھ | بیٹھ | اٹھ | آٹھ |

5 منٹ • ہوم ورک
کہانی نادر کا بندر میں سے 'ھ' کے الفاظ ڈھونڈ کر لکھیں ۔

# سیشن 4

10 منٹ • نئے الفاظ کی flashcard سے دہرائی کروائیں۔

10 منٹ • حروف ج ، چ ، د ، ڈ ، ک ، گ کے ساتھ ' ھ' ملا کر بچوں کے ساتھ مل کر نئے الفاظ بنائیں اور بورڈ پر لکھیں ۔

20 منٹ • خالی جگہ پر کرنے کا کام کروائیں۔ بورڈ پر جملے لکھیں۔ بچے کوپی میں جملے لکھیں اور مکمل کریں۔

1 نادر کا بندر بہت __________ ہے۔
2 نادر اسے کیلا __________ کو دیتا ہے۔

3 نادر جھوٹ موٹ ________ گیا۔

4 ایک دن ________ نے دیکھا۔

5 بندر ________ کھا رہا تھا۔

6 بندر مٹک مٹک کر ________ رہا تھا۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ** • سیشن 5 کے لئے گھر سے ایک پھل لے کر آئیں ۔

| |
|---|
| **ٹیچر کے لئے نوٹ**<br>سیشن 5 کے لئے کچھ پھل لے کر آئیں۔ بچوں کی تعداد کے مطابق چھوٹے چمچے، ایک چھری اور چاٹ بنانے کے لئے برتن کا انتظام کرلیں۔ |

# سیشن 5

**10 منٹ** • سیشن 4 میں flashcard کی مدد سے کروائے گئے الفاظ دہرائیں ۔ 5 نئے الفاظ متعارف کروائیں۔

**25 منٹ** • بچے گھر سے لائے ہوئے پھل میز پر رکھیں اور اپنی اپنی کوپی نکالیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں اپنے لائے ہوئے پھل کی تصویر بنانی ہے اور اس کے اندر اس سے متعلق الفاظ لکھنے ہیں۔ بچے جو الفاظ بتائیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کی مدد سے اپنے پھل کے بارے میں الفط لکھیں۔

- بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں اپنے پھل کے بارے میں کیا لکھنا ہے مثلاً

1 پھل کی شکل کیسی ہے (گول ، لمبی ، چھوٹی ، بڑی)

2 پھل کا وزن (ہلکا ہے یا بھاری)

3 اس کا چھلکا (چکنا ہے یا کھردُرا)

4 خوشبو کیسی ہے؟ (کھٹی ،میٹھی ، تیز یا کوئی بھی نہیں )

5 نرم ہے ، سخت یا پلپلا

6 بیج ہیں یا نہیں

7 پھل کے چھلکے اور گودے کا رنگ مختلف ہے یا نہیں۔

8 پھل رس بھرا ہے یا خشک۔

9 پھل چھیل کے کھاتے ہیں یا نہیں۔

10 منٹ
- بچوں کے لائے ہوئے پھلوں کی چاٹ بنائیں اور بچوں کو کھلائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 6 کے لئے بچوں کی تعداد کے حساب سے مندرجہ ذیل چیزوں کا انتظام کرلیں ۔
سفید چارٹ پیپر بچوں کے چہروں کے سائز کے مطابق گول کٹا ہوا یا پیپر پلیٹ،
"7 - "6 لمبے ربن کے ٹکڑے ( بچوں کی تعداد سے دگنے )، رنگین پینسلیں، گوند، قینچی، اسٹیپلر وغیرہ
چارٹ پیپر سے جانوروں کے کان اور مونچھیں کاٹ کر لائیں۔

# سیشن 6

25 منٹ
- بچوں میں پیپر پلیٹ / گول کٹا ہوا چارٹ پیپر اور رنگین پینسلیں تقسم کریں۔
  - بچے پیپر پلیٹ / چارٹ پیپر پر اپنی پسند کے جانور کی شکل بنائیں اور رنگ بھریں۔
  - جن جانوروں کے کان ہوتے ہیں انکے ماسک کے لئے چارٹ پیپر پر کان بنائیں اور کاٹ کر بچوں میں تقسیم کریں۔
  - بچے ماسک پر رنگ کریں۔ جب رنگ سوکھ جائے تو بچوں کے پاس جاکر ماسک کے دونوں طرف چھید کریں اور ربن پرو دیں۔
  - دیکھنے کے لئے آنکھوں کی جگہ ماسک پر دو چھید کریں۔
  - ماسک چہرے پر لگا کر ربن سے سر کے پیچھے باندھ کر دکھائیں کہ ماسک کیسے پہنا جائے گا۔
  - بچے ماسک اتار کر میز پر رکھ لیں۔

20 منٹ
- بچے اپنی کوپی نکالیں اور لکھیں کہ ماسک کس طرح بنایا۔ اس کام کے لئے مدد گار الفاظ بورڈ پر لکھیں۔
  - کام ختم ہونے کے بعد بچے اپنے ماسک پہن لیں۔ بچوں کی لائن بنوائیں اور انہیں کلاس سے باہر لائیں تا کہ اسکول کے دوسرے بچے ان کے ماسک دیکھ سکیں۔ اس موقع پر اسکول کی کسی اور ٹیچر سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔

# انڈا

## ٹیچر کے لئے نوٹ

نئے الفاظ کے flashcard بنائیں اور لسٹ بنا کر بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروائیں۔

انڈا فرائی اوملیٹ ابال کھاتے نکلتے

حفاظت خول بسکٹ کیک چوزے سفیدی

نوٹ : ہر روز 4 - 3 نئے الفاظ پر کام کریں ۔ نئے الفاظ متعارف کرنے سے پہلے پرانے الفاظ دھرائیں۔

## سیشن 1

20 منٹ • بچوں کو بتائیں کہ تمام انڈے دینے والے جانوروں کے کان نظر نہیں آتے۔ یہ ان کے سر میں چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔

1 کون کون سے جانور انڈے دیتے ہیں۔
(کیڑے مکوڑے ، ریپٹائل ، مچھلی ، چڑیاں)

2 کیا انڈے مختلف سائز کے ہوتے ہیں۔
(سب سے بڑا انڈا شتر مرغ کا ہوتا ہے۔ کیڑے مکوڑوں کے انڈے بہت چھوٹے ہوتے ہیں)

3 ہم کس کے انڈے کھاتے ہیں؟
(مرغی ، بطخ ، مچھلی)

4 انڈے کس کس کو پسند ہیں؟

5 انڈے سے کیا کیا بنتا ہے؟

- بچے جن چیزوں کے نام لیں ان الفاظ کے اگر flashcard ہیں تو بچوں کو دکھائیں ورنہ ان کو بورڈ پر لکھیں۔

5 منٹ • بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔

20 منٹ
- نئے الفاظ کے flashcard بچوں کو دکھائیں اور پڑھوائیں۔
- الفاظ کا انگریزی ترجمہ بچوں کے ساتھ مل کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ الفاظ اور ترجمہ کوپی میں اتاریں۔

| اردو | english |
|---|---|
| ابال | boil |
| چوزے | chicks |
| زردی | yolk |
| خول | shell |

| اردو | english |
|---|---|
| حفاظت | safety |
| انڈے | eggs |
| سفیدی | egg white |
| | |

# سیشن 2

10 منٹ
- نئے الفاظ کو flashcard کی مدد سے پڑھوائیں۔

5 منٹ
- 5 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

25 منٹ
- بچے اپنی کوپی نکالیں۔
- بورڈ پر سوال لکھیں۔

1 ایک ڈبے میں 12 انڈے تھے۔
2 انڈے ٹوٹ گئے
کتنے انڈے بچے ________

2 بچے ہوئے انڈوں میں سے 6 انڈوں کا بنایا کیک
کتنے انڈے بچے ________

3 بچے ہوئے انڈے کس طرح کھائیں گے۔

جوابات کی list بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی پسند کوپی میں اس طرح لکھیں کہ جملہ مکمل بنے اور تصویر بھی بنائیں۔
**مثلاً :** ابال کر کھاؤں گا / گی

اوملیٹ بنا کر، کیک بنا کر، سوپ میں ڈال کر، فرائی کر کے

**ہوم ورک**

5 منٹ • امی سے پوچھ کر لکھ کر لائیں کہ وہ انڈے کس کس چیز میں استعمال کرتی ہیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • 5 - 4 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ ان کی امی کس کس چیز میں انڈے استعمال کرتی ہیں۔ امی کی کون سی ڈش زیادہ پسند ہے جس میں وہ انڈا استعمال کرتی ہیں۔ بچے جن ڈشیز کا نام بتائیں انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اس موقع پر اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر بچہ اپنی باری پر ہی بات کرے اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو بولنے کا موقع ملے۔

15 منٹ • بورڈ پر 3 کولم بنائیں۔ بورڈ پر لکھے گئے کھانوں / ڈشیز کو کھانے کے وقت کے حساب سے کولم میں لکھیں۔

| صبح کا ناشتہ | دوپہر کا کھانا | رات کا کھانا |
|---|---|---|
| فرائی انڈا | انڈے کا سالن | انڈے کے چاول |
| اوملیٹ | انڈے میں تلے کباب | اوملیٹ |
| ابلا انڈا | انڈے کا سینڈوچ | سوپ |
| | | انڈے کا حلوہ |

**ہوم ورک**

5 منٹ • گھر سے خالی انڈے کا پورا خول ، بٹن ، موتی ، افشاں ، اون وغیرہ لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 4 کے لئے پوسٹر کلرز ، برش ، چارٹ پیپر سے بنے چڑیا کے پاؤں اور پر ، بٹن اور انڈے سجانے کے لئے موتی ، افشاں ، ستارے ، ربن وغیرہ کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 4

40 منٹ • بچے جو انڈے کے خول لائیں ہیں۔ انھیں رنگ کریں اور سجائیں۔ انڈے سے پرندے بھی بنا سکتے ہیں۔





انڈے کے خول سے چڑیاں بنانے کا طریقہ:





**ہوم ورک**

5 منٹ • گھر سے ابلا انڈا اور ڈبل روٹی کا سلائس لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 5 کے لئے سینڈوچ بنانے کے لئے مکھن ، ٹماٹر اور کھیرا وغیرہ کا انتظام کریں۔

1 بڑی پلیٹ ، 1 بڑا پیالہ (bowl) ، چھری اور کانٹا بھی لائیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- بورڈ پر سینڈوچ بنانے کی اشیاء لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

30 منٹ
- سینڈوچ بنانے کی activity کروائیں۔
  - بچے سینڈوچ بنانے سے پہلے ہاتھ دھوئیں۔
  - ابلے انڈے چھیل کر گول ٹکڑے (قتلے) کاٹ کر پلیٹ میں رکھ لیں۔ ساتھ ہی کھیرا اور ٹماٹر کے قتلے بھی کاٹ لیں۔
  - سلائس پر مکھن لگائیں۔
  - ہر بچے کے پاس جا کر ایک سلائس پر انڈے کے ٹکڑے رکھیں۔
  - اس پر کھیرا یا ٹماٹر (بچوں کی پسند کے مطابق) رکھیں ۔ اوپر دوسرا سلائس رکھیں۔
  - سینڈوچ بنانے کے بعد کلاس کے سب بچے مل کر کھائیں۔

5 منٹ
- **ہوم ورک**

بچوں میں نئے الفاظ کی لسٹ تقسیم کریں۔ بچے گھر سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 6

5 منٹ
- نئے الفاظ flashcard کی مدد سے دھرائیں۔

15 منٹ
- املا کرائیں۔ بچے اپنی کوپی نکالیں۔ 10 مشکل الفاظ کا املا کروائیں۔
  - املا کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اصلاح کریں۔

25 منٹ
- بچوں کی مدد سے سینڈویچ بنانے کے لئے جو اشیاء استعمال ہوتی ہیں بورڈ پر لکھیں۔
  - بچے ترکیب خود لکھیں۔ ترکیب لکھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

**اشیاء :**

| | |
|---|---|
| ابلا انڈا | 1 |
| ڈبل روٹی کے سلائیس | 2 |
| مکھن | حسبِ ضرورت |
| کھیرا | 4 - 2 ٹکڑے (قتلے) |
| ٹماٹر | 4 - 2 ٹکڑے (قتلے) |

**ترکیب :** بچوں کی مدد سے لکھیں۔

# دبا دب ہاتھی بھاگا

## سیشن 1

- **10 منٹ** بچوں کو نظم پڑھ کر سنائیں۔ نئے الفاظ کرتب، دبادب، دل بہلانا، مڑوڑ، الجھایا، پایا کا مطلب بتائیں۔ بچوں سے پوچھیں انھیں نظم پسند آئی یا نہیں اور کیوں۔

- **35 منٹ** بچوں سے پوچھیں ہم آواز الفاظ کسے کہتے ہیں۔
  - نظم کی پہلی دو لائینوں کے ہم آواز الفاظ کو بورڈ پر لکھیں، ( بھاگا ، دھاگا )
  - بچے نظم میں سے مزید ہم آواز الفاظ پہچانیں۔
  - بچے اپنی کوپی نکالیں اور یہ الفاظ لکھیں۔
  - کسی پانچ الفاظ کے جملے بنائیں۔

## سیشن 2

- **15 منٹ** بچوں کو اسم کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایسا لفظ ہے جو کسی چیز، جانور، انسان یا جگہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ بچوں کو کلاس میں موجود چیزوں کی مثال دے کر اسم سمجھائیں۔ مثلاً کرسی، میز، بلیک بورڈ، ٹیچر، لڑکا، لڑکی، چارٹ پیپر، کوپی وغیرہ۔ جانوروں کے نام بھی شامل کریں۔ بچے کہانی میں سے جانوروں کے نام تلاش کریں۔ بچوں کے ساتھ مل کر نام اوران کا انگریزی ترجمہ بورڈ پر لکھیں اور اس لسٹ میں اضافہ کریں۔

- **20 منٹ** بورڈ پر دو کولم بنا کر جانوروں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں۔

| اردو | english |
|---|---|
| ہاتھی | elephant |
| لومڑی | fox |

| اردو | english |
|---|---|
| گینڈا | rhinoceros |
| کچھوا | turtle |

| english | اردو |
|---|---|
| lion | شیر |
| crocodile | مگرمچھ |
| frog | مینڈک |

| english | اردو |
|---|---|
| ant | چیونٹی |
| monkey | بندر |
| mosquito | مچھر |

**ہوم ورک**

- **10 منٹ** بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک کولم میں جانوروں کے نام لکھیں۔ دوسرے کولم میں اوپر لکھیں کتنے پاؤں۔ بچے یہ کولم کوپی میں اتاریں۔ گھر میں کسی بڑے کی مدد سے کتنے پاؤں ہوتے ہیں لکھیں۔

| جانور | کتنے پاؤں |
|---|---|
| ہاتھی | 4 |
| گینڈا | |
| لومڑی | |
| کچھوا | |
| چیونٹی | |
| کل کتنے پاؤں | |

# سیشن 3

- **15 منٹ** فعل کے بارے میں بتائیں کہ فعل ایسا لفظ ہے جو کسی کام کے کرنے کو بتاتا ہے۔ بچوں کو role play کے ذریعے سمجھائیں۔
  - کچھ بچوں سے کہیں کہ وہ چلیں، اٹھیں، بیٹھیں، بات کریں اور بورڈ پر لکھیں۔ انھیں بتائیں کہ وہ کیا کام کر رہے ہیں۔ اٹھنا، بیٹھنا، چلنا، کھانا، بات کرنا، لکھنا سب الفظ فعل ہیں۔
- **10 منٹ** بچے کتاب نکالیں۔ کہانی میں دیئے گئے فعل الفاظ کی نشاندہی کریں۔
- **20 منٹ** بورڈ پر چند فعل الفاظ اور اسم اس طرح لکھیں۔

مثلاً:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | غرایا | ڈرایا | (شیر) |
| 2 | گدگدایا | ہنسایا | (بندر) |
| 3 | کھولا | بولا | (مگرمچھ) |
| 4 | پھنساؤ گے | ہو جاؤ گے | (مگرمچھ) |
| 5 | گانا گایا(مچھر) | لڑایا | (مینڈک) |

بچے اپنی کوپی میں اضافی شعر بنائیں۔ اس موقع پر بچوں کی مدد کریں۔ مثلاً:

مگرمچھ نے جبڑا کھولا ہاتھی اچھل کر بولا

دانت میں دھاگا پھنساؤ گے پوپلے تم ہو جاؤ گے

مچھر نے گانا گایا مینڈک بھی ٹررایا

زور سے شیر غرایا ہاتھی کو اور ڈرایا

بندر نے گدگدایا ہاتھی کو خوب ہنسایا

# سیشن 4

**15 منٹ** • سیشن 3 میں لکھی گئی چند نظموں پر role play کروائیں۔ بچوں کے 5 - 4 گروپ بنائیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں نظم کا role play کرنا ہے۔ بچوں کو 10منٹ دیں کہ وہ فیصلہ کریں کہ گروپ کا کون سا بچہ نظم کا کون سا کردار بنے گا اور کیا کرے گا۔

**25 منٹ** • ہر گروپ کلاس کے سامنے role play کرے گا۔ خود نظم پڑھتی جائیں بچے role play کریں۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ** • نظم کا کون سا جانور سب سے اچھا لگا اور کیوں۔ 2 جملے لکھ کر لائیں۔ جانور کی تصویر بھی بنائیں ۔

# سیشن 5

- 10 منٹ • 5 - 6 بچوں سے نظم پڑھوائیں۔
- 15 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ بورڈ پر 2 کولم بناکر اردو اور انگریزی میں جسم کے حصوں کے نام لکھیں۔ بچوں سے بات چیت کے ذریعہ لسٹ میں اضافہ کریں۔

| اردو | english |
|---|---|
| پیر | leg / foot |
| کان | ear |
| دل | heart |
| ناک | nose |
| منہ | mouth |
| ہاتھ | hand / arm |

| اردو | english |
|---|---|
| آنکھ | eye |
| گردن | neck |
| سر | head |
| سینہ | chest |
| پیٹ | stomach |
| چہرا | face |

- 20 منٹ • اپنی تصویر بنائیں اور رنگ کریں۔ جسم کے ہر حصے کو label کریں۔

# سیشن 6

- 5 منٹ • بچوں سے لفظ دبادب کے معنی پوچھیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ اردو میں اس طرح کے اور الفاظ ہیں۔
- 15 منٹ • بچوں کے ساتھ مل کر کچھ ایسے لفظ بورڈ پر لکھیں اور معنی سمجھائیں۔ مثلاً:

  فٹا فٹ (فوراً/جلدی)

  کھٹاکھٹ (میشن کی تیزی سے/چلنے کی آواز)

  چھپا چھپ (پانی میں ہاتھ یا پیر مارنے کی آواز)

  لبالب (اوپر تک بھرا ہوا)

  کھچا کھچ (بہت بھرا ہونا)

**25 منٹ** • جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے خالی جگہ بورڈ پر دیئے گئے الفاظ سے پر کریں۔ **مثلاً** :

1 میں نے فٹا فٹ ہوم ورک کیا۔

2 گلاس میں دودھ لبالب بھرا ہوا تھا۔

3 میں ڈر کر دبادب بھاگا۔

4 مشین کھٹاکھٹ چل رہی ہے۔

5 ہم بارش کے پانی میں چھپا چھپ بھاگے۔

6 بس لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔

# سفر

### ٹیچر کے لئے نوٹ

مشکل الفاظ کے flashcard بنائیں ۔لسٹ 1 لسٹ 2 کی فوٹو کوپی بچوں کی تعداد کے مطابق کر لیں۔

لسٹ 1: پیدل ، سفر ، لوگ ، کرتے ، تھے ، لگے ، بعد ، بنی ، آئی

لسٹ 2 : گھوڑا گاڑی ، ریل گاڑی ، موٹر کار ، ٹرین ، ہوائی جہاز

## سیشن 1

**5 منٹ** • لسٹ 2 کے مشکل الفاظ flashcard کے ذریعے متعارف کروائیں ۔

**15 منٹ** • بچوں سے سوال کریں۔

1 آپ اسکول کیسے آتے ہیں؟
2 سڑک پر کون کون سی سواریاں نظر آتی ہیں؟
3 آپ کے گھر میں لوگ کس طرح کام پر جاتے ہیں؟
4 سواری استعمال کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

**20 منٹ** • بچے اپنی کتابیں نکالیں۔ کہانی سفر کا صفحہ کھولیں اور تصویریں دیکھیں۔

- بچوں سے پوچھیں اور بورڈ پر جس ترتیب سے سبق میں تصویریں بنی ہیں اس ترتیب سے لکھیں۔
- ساتھ ساتھ بچوں کو ان سواریوں کے انگریزی میں نام بھی بتائیں۔

پیدل(on foot)، اونٹ (camel)، گھوڑا گاڑی(horse carriage)، ریل گاڑی (train)، بس (bus)، ہوائی جہاز (airplane)

**5 منٹ** • لسٹ 2 کی فوٹو کوپی بچوں میں تقسم کریں۔

# سیشن 2

| | | |
|---|---|---|
| 10 منٹ | • | 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ |
| 20 منٹ | • | بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر کہانی میں دی گئی سواریوں کے علاوہ اور سواریوں کے نام لکھیں۔<br>- ساتھ ساتھ انگریزی میں ترجمہ لکھیں ۔ بچے یہ کام کوپی میں اتاریں۔ |
| 10 منٹ | • | بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کی کسی بھی 2 سواریوں کی ڈروئنگ بنائیں اور سواری کا نام لکھیں۔ |
| | | **ہوم ورک** |
| 5 منٹ | • | 1 - 2 سواریوں کی تصویر لے کر آئیں۔ |

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 کے لئے سادہ کاغذ، کلر پینسل یا crayons کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 3

| | | |
|---|---|---|
| 5 منٹ | • | مشکل الفاظ flashcard کے ذریعے دہرائیں۔ |
| 10 منٹ | • | 6 - 8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔ |
| 30 منٹ | • | بچے جو تصویریں لائے ہیں ان کے بارے میں بات چیت کریں کہ کون سی سواری زمین پر چلتی ہے، کون سی ہوا میں اور کون سی سمندر میں۔ بچے جو نام بتائیں انہیں بورڈ پر 3 کولم بنا کر لکھیں۔ |

| پانی میں چلنے والی سواریاں | زمین پر چلنے والی سواریاں | ہوا میں اڑنے والی سواریاں |
|---|---|---|
| پانی کا جہاز | بس | ہوائی جہاز |
| کشتی | رکشہ | ہیلی کوپٹر |
| آب دوز | کار | روکٹ |
| | گدھا گاڑی | |
| | گھوڑا گاڑی | |

# سیشن 4

**10 منٹ** • 6 - 8 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں مشکل ہو مدد کریں۔

**20 منٹ** • بورڈ پر الفاظ لکھیں۔ پیٹرول پمپ، بس، گاڑی، دو پہیے

- بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں ان الفاظ سے زبانی سوال بنانے ہیں۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ مختلف سوال بنائیں۔

**مثلاً** : ہم پیٹرول پمپ سے کیا لیتے ہیں؟

بس میں کون کون بیٹھا ہے؟

**10 منٹ** • خالی جگہ پر کریں۔

1 پہلے لوگ ____________ سفر کرتے تھے۔

2 گھوڑا گاڑی کے بعد ____________ آئی۔

3 اب لوگ ____________ اور ____________ میں سفر کرتے ہیں۔

4 مجھے ____________ میں سفر کرنا پسند ہے۔

نوٹ : الفاظ کی لکھائی میں بچے کہانی سے مدد لیں۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ** • کہانی پڑھیں اور املا کی تیاری کر کے آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 5 کے لئے 4 ٹائر اور ان کو چلانے کے لئے لکڑی کی 4 ڈنڈیوں کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 5

**15 منٹ**
- تمام نئے الفاظ دہرائیں۔
  - 10 الفاظ کا املا کروائیں۔
  - بورڈ پر الفاظ لکھیں۔ بچے بورڈ سے املا کی اصلاح کریں۔

**30 منٹ**
- بچوں کی لائین بنواکر اسکول کے میدان میں لائیں۔
  - بچوں کو 4 گروپس میں تقسم کریں۔
  - ٹائر کی ریلے ریس کروائیں۔

# سیشن 6

**10 منٹ**
- 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**35 منٹ**
- بچوں سے کہیں کہ اپنی پسندیدہ سواری کی تصویر بنائیں۔
  - بچے اپنی خیالی سواری بھی بنا سکتے ہیں جو عام سواریوں سے ہٹ کر ہو۔
  - اس کے بارے میں پانچ جملے لکھیں:

**سواری کا نام** ______________________

1 ان کو یہ سواری کیوں پسند ہے؟
2 سواری کون چلاتا ہے؟
3 اس میں کون کون بیٹھتا ہے؟
4 اس سواری پر بیٹھ کر آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟

# چاند کہاں چھپ جاتا ہے

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

مشکل الفاظ کے flashcards بنائیں۔ لسٹ 1 اور لسٹ 2 کی فوٹو کوپی بچوں کی تعداد کے مطابق کروالیں۔

**لسٹ 1 :** بادل ، بجلی ، آسمان ، بارش ، تارے ، چاند ، سورج

**لسٹ 2 :** برستی ، کیسے ، کہاں ، نظر ، چھپ

اگر ممکن ہو تو bookgroup کی کتاب **بھولو اور بھالا** اور **ذرا چاند کو چھو کر دیکھو** parallel reader کے طور پر پڑھائیں۔

## سیشن 1

**10 منٹ**

- مشکل الفاظ flashcards کے ذریعے متعارف کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ کہانی **چاند کہاں چھپ جاتا ہے** کھولیں۔ بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔

**15 منٹ**

- بچوں سے سوال کریں کہ چاند صبح میں کہاں چلا جاتا ہے۔
  - بچے جو بھی جوابات دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
  - اگر بچے کہیں کہ چاند زمین کے اندر چلا جاتا ہے۔ رات بھر جاگ کر سونے چلا جاتا ہے۔ یا پیڑوں کے پیچھے چلا جاتا ہے۔ یا کوئی بھی بے معنی / الٹا سیدھا جواب دیں اسے غلط نہ کہیں بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ مختلف زاویوں سے سوال کو سوچیں اور جواب دیں۔

**نوٹ :** ہر جواب کو صحیح تسلیم کرنے کا مقصد بچوں کے سوچنے کی صلاحیت کو ابھارنا ہے۔ ایسے سوال جن کے کئی جواب ہو سکتے ہیں پوچھنے سے بچوں کے ذہن کھلتے ہیں اور وہ کسی بھی سوال کو مختلف زاویوں سے دیکھتے اور پرکھتے ہیں۔ آخر میں بچوں کو بتائیں کہ چاند صبح کو کہاں چھپ جاتا ہے۔

5 منٹ • لسٹ 1 کے مشکل الفاظ کی flashcard سے sight reading کروائیں۔

15 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ بورڈ پر 2 کولم بنائیں اور نیچے دیئے گئے الفاظ کا انگریزی ترجمہ بچوں کے ساتھ مل کر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| اردو | english |
|---|---|
| بارش | rain |
| سورج | sun |
| آسمان | sky |
| بجلی | electricity / lightning |

| اردو | english |
|---|---|
| چاند | moon |
| تارے / ستارے | stars |
| بادل | cloud |
| | |

نوٹ : بچوں کو سمجھائیں کہ جب ہم بجلی electricity کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں ''بجلی جلتی ہے یا بجھتی ہے'' جب ہم lightning کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں'' بجلی کڑک رہی ہے'' یا '' بجلی گری ہے''۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 2 کے لئے ایک گلوب (globe) اورٹورچ کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 2

15 منٹ • بچوں کو بتائیں کہ سورج ایک ستارہ ہے ۔ ستارے کی اپنی روشنی ہوتی ہے اور وہ سیاروں اور چاند کو روشنی دیتا ہے۔ سورج باقی ستاروں کے مقابلے میں ہماری زمین کے قریب ہے۔ باقی ستارے ہماری زمین سے ہزاروں میل کے فاصلے پر ہیں اس لئے ہمیں چھوٹے چھوٹے نظر آتے ہیں۔ ہماری زمین ایک سیارہ (planet) ہے جو سارہ وقت گھوم رہا ہے جس کی وجہ سے دن اور رات ہوتے ہیں۔ ہماری زمین کو سورج روشنی دیتا ہے۔

- بچوں کو بتائیں کہ زمین کا وہ حصّہ جو سورج کی طرف ہوتا ہے وہاں دن ہوجاتا ہے اور سورج کی روشنی میں چاند نظرنہیں آتا۔ چاند اپنی جگہ رہتا ہے زمین کے گھومنے کی وجہ سے ہمیں نظرنہیں آتا ہے۔

10 منٹ • globe پر جہاں پاکستان بنا ہے اس پر نشان لگائیں۔

- بچوں کو گلوب اور ٹورچ کی مدد سے بتائیں کہ دن اور رات کس طرح ہوتے ہیں۔
- ٹورچ روشن کریں اور globe کو آہستہ آہستہ گھمائیں۔ globe کا وہ حصہ جو ٹورچ کی طرف آئے وہاں زمین پر دن اور دوسری طرف رات ہو گی ۔ جب پاکستان کا نقشے والا حصہ ٹورچ کی طرف آئے تو پاکستان اور اس کے آس پاس کے ملکوں میں دن اور دنیا کے دوسرے ممالک میں رات ہو گی۔

**10 منٹ** • 8 - 10 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ پڑھنے میں جہاں مشکل پیش آئے بچوں کی مدد کریں۔

**ہوم ورک**

**10 منٹ** • صفحہ 45 پر دی گئی چاروں لائینز کو اپنی بہترین لکھائی میں لکھیں ۔

# سیشن 3

**5 منٹ** • لسٹ 2 کے مشکل الفاظ کو flashcard کے ذریعے متعارف کرائیں۔

**10 منٹ** • 4 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**10 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ گرمیوں میں گرمی کب کم ہوتی ہے۔ اگر بچے نہ بتا پائیں تو خود بتائیں کہ بارش ہونے پر گرمی کم ہوتی ہے۔ بچوں سے بارش کے متعلق بات چیت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب آسمان پر بادل ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں تو گرجنے کی آواز آتی ہے۔ ان کے ٹکرانے سے بجلی پیدا ہوتی ہے جو ہمیں زمین پر نظر آتی ہے۔

**15 منٹ** • بارش سے متعلق بچوں کے ساتھ مل کر الفاظ بورڈ پر لکھیں۔
مثلاً : بادل ، گرج چمک ، نہانا ، سڑکیں ، پانی ، بھرنا ، پکوڑے ، حلوہ پوری ، کھیلنا ، بوندیں ، کیچڑ
بچے اپنی کوپی نکالیں اور بارش سے متعلق 2 - 3 جملے بنائیں۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ** • امی ابو سے چاند تاروں کے بارے میں کوئی کہانی یا گانا سنیں۔

# سیشن 4

15 منٹ • مندرجہ ذیل جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی میں اتاریں اور خالی جگہ پر کریں۔

1 ______ کے آجانے سے چاند نظر نہیں آتا۔

2 تارے ______ کی تیز روشنی کی وجہ سے نظر نہیں آتے۔

3 آسمان سے ______ برستی ہے۔

4 بادل جب ٹکراتے ہیں تو ______ کڑکتی ہے۔

5 سورج ایک ______ ہے۔

30 منٹ • بک گروپ کی کتاب **ذرا چاند کو چکھ کے دیکھو** پڑھ کر سنائیں اور کہانی میں سے سوالات کریں، بات چیت کریں۔ کچھ بچوں سے وہ کہانیاں یا گانے پوچھیں جو وہ امی ابو سے سن کر آئیں ہیں۔

> **ٹیچر کے لئے نوٹ**
>
> سیشن 5 کے لئے پیلے رنگ کے crayon ، برش، کالی سیاہی یا کالا واٹر کلر اور ڈروئنگ پیپر کا انتظام بچوں کی تعداد کے حساب سے کرلیں ۔

# سیشن 5

10 منٹ • لسٹ 1 کے مشکل الفاظ دہرائیں۔

30 منٹ • بچوں میں drawing paper اور پیلے crayon تقسم کریں۔

- بچے پیلے crayon سے ستارے ، چاند اور ایسی کوئی چیز جسے وہ رات کے وقت میں روشن دیکھنا چاہتے ہوں بنائیں۔
- کالی سیاہی یا کالا واٹر کلر پورے پیپر پر برش سے کریں۔
- جب سیاہی خشک ہو جائے گی تو پیلے crayon سے بنی چیزیں الگ سے روشن نظر آئیں گی۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنی ڈروئنگ پر لکھیں کہ انہوں نے کیا بنایا ہے۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- ڈروئنگ کو کلاس میں ڈسپلے کریں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • لسٹ 1 کے الفاظ کی املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 6

15 منٹ • لسٹ 1 کے الفاظ کا املا کروائیں۔

- املا کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اصلاح کریں۔

5 منٹ • لسٹ 2 کے الفاظ دہرائیں۔

25 منٹ • بچوں کو بتائیں کہ لفظ **کہاں** اور کیسے سوالیہ الفاظ ہیں۔ کیا انہیں دوسرے سوالیہ الفاظ معلوم ہیں؟

- بچے جو الفاظ بتائیں انہیں بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔

کہاں، کیا، کب، کون، کیسے، کتنے، کیوں

- بچے یہ الفاظ کوپی میں لکھیں۔
- بچے کسی بھی 4 الفاظ سے سوالیہ جملے بنائیں۔ جملے کہانی سے بھی بنائے جا سکتے ہیں۔

# بکری کی ضد

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

لسٹ1 اور لسٹ 2 کے الفاظ کے flashcards بنا لیں۔

**بک گروپ کی کتابیں بابر اور بھنڈی یا احمد یا میں نہ مانوں لے کر آئیں۔**

| لسٹ1 | لسٹ 2 |
|---|---|
| ڈرائیور | ای ی ی |
| کنڈکٹر | پیں پیں |
| پولیس | ہش ہش |
| چھوئے | شو شو |
| اچانک | میں میں |
| بجایا | |
| ہورن | |
| ہمیں | |
| کہلایا | |
| بجائی | |

## سیشن 1

**15 منٹ**

- بچوں سے ضد کرنے پر بات چیت کریں۔
  - وہ کن باتوں کے لئے ضد کرتے ہیں؟
  - کیا ان کی ہر ضد پوری ہوتی ہے؟
  - امی، ابا ان کے ضد کرنے پر کیا کہتے ہیں؟

# سیشن 2

10 منٹ • 4 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ • بچوں کو ڈرائیور، کنڈکٹر اور پولیس والا کے flashcard دوبارہ دکھائیں۔ ان کے کام کے حوالے سے بتائیں کہ یہ پیشے (professions) کے نام ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ سب نام اسم ہیں۔

25 منٹ • بورڈ پر 2 کولم بنائیں اور مختلف پیشوں کے نام بچوں سے پوچھ کر اردو اور انگریزی میں لکھتی جائیں۔

| english | اردو |
|---|---|
| driver | ڈرائیور |
| conductor | کنڈکٹر |
| policeman | پولیس والا |
| nurse | نرس |
| teacher | ٹیچر |
| doctor | ڈوکٹر |

- بچے کوپی نکالیں۔
- اپنی پسند کے پیشے کا نام لکھیں اور 2 - 3 جملے لکھیں کہ آپ کو یہ کام کیوں پسند ہے۔

# سیشن 3

10 منٹ • 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

مذکر مونث پر کام کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ انسان اور جانوروں کے مذکر مونث ہوتے ہیں۔ مثلاً :

| مونث | مذکر |
|---|---|
| لڑکی | لڑکا |
| بکری | بکرا |
| شیرنی | شیر |

15 منٹ • بچوں کے ساتھ مل کر بورڈ پر 10 مزکر اور ان کی مئونث الفاظ لکھیں۔
- بچے کوپی نکالیں اور یہ کام بورڈ سے اتارلیں۔

20 منٹ • بچوں کے ساتھ مزکر مئونث الفاظ کے چند زبانی جملے بنائیں۔
- کسی 2 مذکر اور 2 مونث الفاظ کے جملے بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

## سیشن 4

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

25 منٹ • بچوں کو خالی جگہ پر کرنے کا کام دیں۔ بچوں کوسمجھائیں کہ خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھیں۔

1 شاکر گھر ________ ہے۔ (جا رہا / جا رہی)
2 بکرا بس کے سامنے ________ ۔ (آ گیا / آ گئی)
3 ثناء گیٹ کے سامنے ________ ۔ (رکا / رکی)
4 علی پیار سے ________ ۔ (بولا / بولی)
5 بکری اسکول سے ________ ہے۔ (آیا / آئی)

10 منٹ • بک گروپ کی کہانی پڑھ کر سنائیں۔ اگر یہ کتاب ملنا ممکن نہ ہو تو ضد کے متعلق کوئی اور کہانی پڑھ کر سنائیں۔

## سیشن 5

10 منٹ • 5 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ • لسٹ 2 کی آوازیں flashcard کے ذریعے دہرائیں۔ بکری کی آواز کے علاوہ باقی آوازیں بورڈ پر اس طرح لکھیں۔

| | |
|---|---|
| بس رکی | ای ی ی ی |
| ہورن بجا | پیں پیں پیں پیں |
| کنڈکٹر بولا | ہش ہش ہش ہش |
| سیٹی بجی | شو شو شو شو |

15 منٹ • بچوں سے بات چیت کے ذریعے اس لسٹ میں اضافہ کریں۔

| | |
|---|---|
| بچہ رویا | اوں اوں اوں |
| گھنٹی بجی | ٹن ٹن ٹن ٹن |
| دروازہ کھٹکا | ٹھک ٹھک ٹھک ٹھک |
| ہوا چلی | شوں شوں شوں |
| گھڑی بجی | ٹک ٹک ٹک ٹک |

10 منٹ • کسی 3 الفاظ اور آوازوں کے جملے بنائیں۔

# سیشن 6

15 منٹ • بچوں کے 4 گروپ بنائیں بچوں سے کہیں کہ ہر گروپ بکری کی ضد کا role play کرے گا۔

- بچوں کو سمجھائیں کہ ہر گروپ خود فیصلہ کرے کہ بس کیسے بنے گی ، لوگ کون بنیں گے۔ لڑکا، لڑکی، ڈرائیور، کنڈکٹر، پولیس والا، بکری اور شاکر کون بنے گا۔ سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہو گا اور آوازیں نکالنی ہوں گی۔ بچوں کو بکری کی ضد پڑھ کر سمجھائیں کہ انہیں کیا کیا role play کرنا ہے۔

10 منٹ • بچوں کو 10 منٹ دیں کہ وہ اپنے گروپ میں فیصلہ کرلیں کہ کون کیا بنے گا۔ ضروری ہو تو بچوں کی مدد کریں۔ بچوں سے کہیں کہ اگر کوئی گروپ کہانی میں کچھ اضافہ کرنا چاہے تو کرلے۔

20 منٹ • ہر گروپ سے ایک کے بعد ایک کلاس کے سامنے role play کروائیں۔ اگر ضرورت ہو تو ساتھ ساتھ کہانی پڑھیں تاکہ بچوں کو سمجھنے میں مدد ملے کہ انہیں اب کیا کرنا ہے۔

- اگر ان کی ضد پوری نہ ہو تو وہ کیا کرتے ہیں؟

نوٹ: ہر بچے کو بات کرنے کا موقع دیں۔ کوشش کریں کہ بات چیت دیئے گئے وقت میں مکمل ہو۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔

**10 منٹ**

- بچوں کو بکری کی ضد پڑھ کر سنائیں۔ کہانی سے متعلق بچوں سے بات چیت کریں کہ ان کے خیال میں بکری پہلے کیوں نہیں ہٹ رہی تھی اور آخر بکری کیسے ہٹی اور کیوں۔

- بچوں کو دیئے گئے الفاظ کے flashcard دکھائیں اور sight reading کروائیں۔

**20 منٹ**

- بچوں کو بکری کی ضد میں سے ''بکری بولی میں میں'' پڑھ کر سنائیں۔

- بورڈ پر 2 کولم بنائیں۔ ایک کولم میں جانوروں کے نام لکھیں اور دوسرے میں بچوں سے پوچھ کر ان جانوروں کی آوازیں لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ آوازیں بتاتے ہوئے ان جانوروں کی آوازیں نکالیں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔
- بچے اپنی کوپی نکالیں۔ جانوروں کے نام اور ان کی آوازیں لکھیں۔

| جانور | آواز |
|---|---|
| بکری | میں میں |
| بلی | میاؤں میاؤں |
| کوا | کائیں کائیں |
| چوہا | چیں چیں |
| گائے | مو مو |
| مکھی | بز ز ز ز ز |

| جانور | آواز |
|---|---|
| کتا | بھو بھو |
| چڑیا | چوں چوں |
| مرغا | ککڑوں کوں |
| طوطا | ٹیں ٹیں |
| سانپ | س س س |
| | |

# بارش کے رنگ

## سیشن 1

10 منٹ
- کہانی میں دیئے گئے نئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیں۔
دھنک ، بکھر ، چپکاؤ ، کارڈ پیپر ، آئینہ ، گوند ، ٹورچ ، طرف
- بچے کتاب نکالیں۔
- کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں کی توجہ دھنک کی تصویر کی طرف دلائیں اور پوچھیں کہ یہ کیا ہے۔ اگر بچے نہ بتا سکیں تو بتائیں کہ اسے دھنک (rainbow) کہتے ہیں۔

15 منٹ
- کہانی پڑھ کر سنائیں۔
- 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ
- نیچے دیئے گئے سوالوں کی مدد سے بات چیت کریں۔

1 کیا کسی نے دھنک دیکھی ہے۔
2 دھنک کب اور کہاں دیکھی ہے۔
3 دھنک میں کون کون سے رنگ نظر آتے ہیں۔
4 ان کے خیال میں دھنک کیسے بنتی ہے۔

نوٹ : بچے سوال نمبر4 کے جو جوابات دیں وہ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ پھر انھیں بتائیں کہ دھنک کیسے بنتی ہے۔

- روشنی ہمیں سفید رنگ کی نظر آتی ہے لیکن یہ سات رنگوں سے بنی ہوتی ہے۔ جب روشنی پانی سے گزرتی ہے تو سات رنگوں میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ جب بارش ہو رہی ہو اور سورج بھی نکلا ہو تو دھنک نظر آتی ہے۔ دھنک کو آپ چھونہیں سکتے۔ یہ صرف نظر آتی ہے اور اس وقت جب سورج آپ کے پیچھے ہو اور بارش ہو رہی ہو۔

10 منٹ
- بچے کوپی نکالیں۔ اردو اور انگریزی میں دھنک کے رنگوں کے نام بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے انھیں اپنی کوپی میں اتارلیں۔

| english | اردو |
|---|---|
| violet | کاسنی |
| indigo | نیلا |
| blue | آسمانی |
| green | ہرا |
| yellow | پیلا |
| orange | نارنجی |
| red | لال |

### ٹیچر کے لئے نوٹ

بارش کے رنگ میں دیئے گئے experiment کے مطابق چیزیں کلاس میں لائیں۔

کلاس میں experiment کرنے سے پہلے خود experiment دو تین بار کر کے اچھی طرح سے سمجھ لیں کہ دھنک کس طرح بنے گی۔

# سیشن 2

**10 منٹ** • 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**35 منٹ** • 4 - 5 بچوں کے گروپ بنا کر experiment دکھائیں۔ جب سب بچے دھنک دیکھ لیں تو بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں یہ دھنک کیسے بنی۔ بات چیت کے ذریعے بچوں کو سمجھائیں کہ دھنک کیسے بنتی ہے۔ سمجھانے کے بعد پھر سے experiment کر کے دکھائیں کہ کس طرح ٹورچ جلانے اور بند کرنے سے دھنک بنتی اور غائب ہوتی ہے۔

نوٹ: بچوں کی توجہ سیشن 1 کے سوال نمبر 4 کے جوابات جو انہوں نے دیئے تھے کی طرف دلائیں۔ ان کے جواب اور experiment سے جو معلوم ہوا اس میں کیا فرق ہے سمجھائیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • 6 - 4 بچوں سے صفحہ نمبر 53 پڑھوائیں۔

35 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ سیشن 4 میں کئے گئے تجربے (experiment) کو ترتیب وار جملوں میں لکھیں۔
- بچوں سے کہیں سب سے پہلے جو چیزیں استعمال کی تھیں ان کے نام لکھیں پھر تجربہ لکھیں۔
- اگر ضرورت ہو تو بچوں کی مدد کے لئے بچوں سے پوچھ کر آسان جملوں میں تجربے کا طریقہ بورڈ پر لکھیں۔
- بچے ان جملوں کہ اپنی کوپی میں اتار لیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 4 کے لئے 6 - 5 بڑے پلیٹوں کا انتظام کر لیں۔ بچوں کی تعداد کے مطابق کارڈ پیپر، ڈوری، اور برش لے لیں۔ نیلا، پیلا، اور لال پینٹ کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 4

10 منٹ • بچوں کو نیچے دی گئی نظم پڑھ کر سنائیں اور بات چیت کریں۔

بھیا کو آتا ہے کمال
سنئے اس کی ایک مثال

لائے رنگ کا ڈبا مول
پھر اک کاغذ کاٹا گول

اس میں کھینچے خانے تین
لے کر پنسل ایک مہین

ایک میں بھر دیا نیلا رنگ
ایک میں بھر دیا پیلا رنگ

اک خانے کو کردیا لال
دیکھئے اب رنگوں کا حال

بھیا کو آتا ہے کمال

گراموفون کا کھولا ڈھکنا اور اس کاغذ کو چپکایا
باجے کی تھالی کے اوپر بس پھر دے دیا اس کو چکر
غائب ہوگئے سارے رنگ اور سب بچے رہ گئے دنگ
کیا ہوا نیلا زرد اور لال بھیا کو آتا ہے کمال

بچوں نے پھر کیا سوال

ٹھیری جب تھالی تو پھر کیوں واپس آگئے رنگ وہ تینوں
بھیا نے پھر ہم کو بتایا جادو اس میں کوئی نہیں تھا
اصلی رنگ ہیں کرو خیال نیلا اور پیلا اور لال
مل کر یہ ہوتے ہیں سفید بس اتنا ہے اس کا بھید

1 آپ کے خیال میں رنگے ہوئے کاغذ کو تیزی سے گھمانے کے ساتھ کیا ہوا۔
2 جب کاغذ روکا تو رنگ کیوں واپس آگئے۔
3 کیا رنگ اپنی اپنی جگہ رہے یا آپس میں مل کر دوسرے رنگ بنے۔


- بچوں کو بتائیں کہ وہ سیشن 6 میں ایسی activity کریں گے جس سے پتا چلے کہ یہ تینوں رنگ آپس میں مل کر اور کون سے رنگ بنتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہم سب مل کر وہی کمال کریں گے جس کا نظم میں ذکر ہے۔

**30 منٹ**

- 6 - 5 بچوں کے گروپ بنا لیں۔

بچوں کو کارڈ پیپر، برش اور پلیٹ دیں۔

بچوں کو ایک ایک کر کے ہدایت دیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔



1 کارڈ پیپر پر پلیٹ رکھ کر اس کے گرد پنسل سے گول دائرہ (circle) بنا لیں۔

2 دائرہ (circle) کو برابر کے تین حصوں میں تقسیم کریں۔ (ٹیچر بورڈ پر بنا کر سمجھائیں)۔

3 ہر گروپ کو ایک پلیٹ میں تینوں رنگ ڈال کر دیں۔

4 تینوں حصوں میں الگ الگ رنگ بھریں اور رنگ کو خشک ہونے دیں۔

5 دائرے کو قینچی سے کاٹ لیں۔

6 پنسل کی نوک سے دائرے کے درمیان تھوڑے فاصلے پر دو سوراخ کریں۔

7 ڈوری دونوں سوراخوں میں ڈال کر دونوں سرے ملا کر ایک گرھا باندھ دیں۔

8 ڈوری کو دونوں طرف سے پکڑ کر اسے اس طرح گھمائیں کہ اس میں بل پڑ جائیں۔

9 اپنے ہاتھوں میں ڈوری اس طرح کھینچیں کہ ڈوری کے بل کھلنے لگیں اور کارڈ پیپر کا circle تیزی سے گھومے۔

10 جب circle تیزی سے گھومے گا تو تینوں رنگ الگ الگ نظر نہیں آئیں گے صرف سفید رنگ نظر آئے گا۔
یہ روشنی کا رنگ ہے۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ**

- صفحہ نمبر 53 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی املا کی تیاری کریں۔

# سیشن 5

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔
- املا کی اصلاح کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ • سوال جواب کروائیں۔ سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتارلیں اور جواب لکھیں۔

1 دھنک کب نظر آتی ہے؟
2 دھنک میں کتنے رنگ ہوتے ہیں؟
3 لال اور پیلا رنگ ملا کر کون سا نیا رنگ بنتا ہے؟
4 لال اور نیلا رنگ مل کر کون سا رنگ بنتا ہے؟

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

بچوں کی تعداد کے مطابق سادہ کاغذ ، برش ، لال، پیلا اور نیلا رنگ اور 6 - 5 پلیٹ

# سیشن 6

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

35 منٹ • 8 - 6 بچوں کے گروپ بنائیں۔
- ہر پلیٹ میں تینوں رنگ ڈالیں۔
- بچوں کو سادہ کاغذ اور برش دیں۔
- ہر گروپ کو رنگوں کی پلیٹ دیں۔

- بچے کاغذ کے درمیان میں لائین بنا کر دو حصوں میں تقسیم کرلیں۔
- اوپر کے حصے میں "2"x2 کے 3 چوکور بوکس (box) بنائیں۔
- ان میں الگ الگ تینوں رنگ بھریں اور ان کے ساتھ نام لکھیں۔
- بورڈ پر دو رنگوں کے نام اس طرح لکھیں (بریکٹ میں دیئے گئے رنگوں کے نام بعد میں لکھیں)

لال + نیلا = (کاسنی)

لال + پیلا = (نارنجی)

پیلا + نیلا = (ہرا)

- بچوں سے کہیں کہ کاغذ کے نیچے کے حصے میں پھر "2"x2 کے چوکور بوکس بنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے دو دو رنگ ملا کے بوکس میں بھر لیں۔
- بچے دیکھیں اور بتائیں کے کون سا نیا رنگ بنا ہے۔
- بورڈ پر بریکٹ میں لکھے رنگوں کے نام لکھیں۔
- بچے یہ نام نئے رنگ کے ساتھ لکھیں۔
- بچوں کو بتائیں کے کاغذ کے اوپر والے حصہّ کے رنگ primary colours کہلاتے ہیں۔ ان رنگوں کو ملا کے جو رنگ بنتے ہیں وہ secondary colours کہلاتے ہیں۔

# میاؤں میاؤں

## سیشن 1

15 منٹ
- مختلف پالتو جانوروں اور پرندوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ (کتا، بلی، بکری، خرگوش، طوطے، مرغی وغیرہ)
  - بچوں کو موقع دیں کہ وہ اپنے پالتو جانوروں کے بارے میں بتائیں۔ کچھ لوگ مچھلی اور کچھوے بھی پالتے ہیں۔ جانوروں کی دیکھ بھال، ان کی صفائی، وہ کیا کھاتے ہیں، ان کے ڈوکٹر کو کیا کہتے ہیں (vet) تفصیل سے بات چیت کریں۔

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کہانی میاؤں میاؤں کی خاموشی سے پڑھائی کریں۔

25 منٹ
- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ غور سے سنیں۔ کہانی ختم ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کتابیں بند کر دیں۔ بچوں سے سوال کریں۔
  - دروازے پر کیا آواز آئی۔
  - آواز کہاں سے آئی۔
  - دروازہ کس نے کھولا۔
  - باہر کون تھا۔
  - دانش نے بلی کے ساتھ کیا کیا۔
  - دانش کو کس نے جگایا۔
  - دانش نے اٹھنے کے بعد کیا کیا۔
  - دانش اداس کیوں ہوا۔
  - دانش کے کمبل کا کیا رنگ تھا۔
  - بلی کس وقت دروازے پر آئی۔
    (بچے جو بھی وقت بتائیں اسے صحیح کہیں )
  - آپ کے خیال میں دانش کی کیا عمر ہے۔
  - دانش بلی کے پیچھے کہاں کہاں گیا۔

- آپ کے خیال میں بلی کہاں چلی گئی۔
- بلی کی امی کہاں رہتی تھیں۔
- بلی کس رنگ کی تھی۔
- آپ کو بلی کا کون سا رنگ پسند ہے۔
- بلی کے بچے کو کیا کہتے ہیں۔

(بلونگڑا kitten)

- بلی کیا کھاتی ہے۔
- دانش نے بلی کو کیا کھانے کے لئے دیا۔
- دانش اور بلی کیوں سو گئے۔

## سیشن 2

**10 منٹ** • 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**35 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ **میں ایک بلی ہوں** پر ایک پیراگراف لکھیں۔ لکھنے سے پہلے بچوں سے بات چیت کریں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کریں اور سوچیں کہ وہ ایک بلی ہے جو باغ میں بیٹھی ہے یا کسی دیوار پر۔ بیٹھے بیٹھے وہ کیا خواب دیکھ رہی ہے۔ کیا آوازیں سن رہی ہے۔ کیسا محسوس کر رہی ہے۔ اگر اس کو شکار نظر آتا ہے تو اس کو کس طرح پکڑے گی۔
- بچے جو بتائیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے اب خود پیراگراف لکھیں۔

## سیشن 3

**10 منٹ** • 5 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ • الفاظ اور ضد پر کام کروائیں۔ بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک کولم میں الفاظ لکھیں اور دوسرے کالم میں بچوں کے ساتھ مل کر ضد لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| کھلا | بند |
| نیچے | اوپر |
| سونا | جاگنا |
| پاس | دور |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| باہر | اندر |
| چڑھنا | اترنا |
| صبح | شام |
| اداس | خوش |

15 منٹ • بچوں کو ایک دائرے میں کھڑا کریں۔ بچوں سے کہیں کہ دائرے میں چلتے ہوئے مختلف جانوروں کی چال چلیں۔ مثلاً : بلی، خرگوش، بندر، بن مانس، ہاتھی وغیرہ کی چال چل کر دکھائیں۔
- اس موقع پر نظم و ضبط کا خیال رکھیں ۔ اگر کلاس میں ایک دائرہ بنانا مشکل ہو تو بچوں کو دو گروپس میں تقسیم کریں۔ پہلے ایک گروپ سے role play کروائیں پھر دوسرے سے۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • کہانی پڑھیں اور جملوں کی املا کی تیاری کریں۔

# سیشن 4

15 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ کہانی سے 5 جملوں کا املا کروائیں۔ بعد میں خود چیک کریں۔

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ سونے والے کمرے میں کیا کیا چیزیں ہوسکتی ہیں۔ بچے جو بتائیں وہ بورڈ پر لکھتی جائیں۔

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کی مدد سے اپنے گھر میں وہ جس کمرے میں رہتے ہیں اس کے بارے میں 5 - 4 جملے لکھیں۔ کمرے اور اس کی چیزوں کی تصویر بھی بنائیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- بورڈ پر سوالیہ الفاظ لکھ کر پڑھائیں اور بچوں سے زبانی سوالات بنوائیں۔
**الفاظ :** کیا، کون، کب، کہاں، کیوں، کتنے

30 منٹ
- بچے کوپی نکالیں اور کہانی اور اس کے کرداروں سے متعلق سوالات بنائیں اور جواب لکھیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ
- املا کی اصلاح کریں۔
  - کتاب میاؤں میاؤں کی تصویریں دیکھیں کہ کن جانوروں کی تصویریں ہیں ان کے نام لکھ کر لائیں اور املا کی اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **ٹیچر کے لئے نوٹ**<br>سیشن 6 کے لئے جانوروں کے نام کے flashcard بنا کر لائیں۔ |

# سیشن 6

10 منٹ
- جانوروں کے نام کے flashcard بچوں سے پڑھوائیں۔

35 منٹ
- کلاس کو 6-4 گروپ میں تقسیم کریں۔ کچھ گروپ جانوروں کا کردار ادا کریں۔ باقی گروپ ان سے سوال کریں۔
  - جانوروں کے نام کے flashcard ٹیبل پر الٹے کر کے رکھ دیں۔
  - ہر گروپ سے ایک ایک کر کے بچوں کو بلائیں۔
  - ہر بچہ ایک کارڈ اٹھالے اور جانور کا نام پڑھے۔ (زور سے نہ پڑھے۔ اگر بچے کو پڑھنے میں مشکل ہو تو اس کی مدد کریں۔)
  - پھر اس جانور کا کردار ادا کرے۔ اس کے گروپ کے بچے بوجھیں کہ کون سا جانور ہے۔
  - کوشش کریں کہ ہر گروپ سے ہر بچے کو باری ملے۔

# میاؤں میاؤں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Rs 250